58

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 292 | صفحات : 08 | ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۱۱ جمادی الاول ۱۴۴۸ھ | Friday 23rd October 2026 | جلد نمبر 58



ہیری بروک کی ڈبل سنچری

بھاوِک بھروانا اہل قرار

نیا نظام جس کے ذریعہ کوئی غیر مجاز شخص گاڑی سٹارٹ نہیں کر سکے گا

ٹکر کے دوران مسافروں کی حفاظت کیلئے مزید سخت ضوابط بھی مقرر کیے گئے ہیں

نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی حکومت نے گاڑیوں کی حفاظت کے لیے نئے ضوابط جاری کیے ہیں۔ ان ضوابط کے تحت یکم اکتوبر 2027 سے ایم 1 زمرے کی مسافر گاڑیوں میں 'الکحل تصدیقی امیوبلائزر' لگانا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ٹکر سے تحفظ، پیدل چلنے والوں کی حفاظت اور 'ایونٹ ڈیٹا ریکارڈر' کے معیارات کو مزید بہتر بنانے کے لیے 2032 تک مرحلہ وار نفاذ کی مدت بھی مقرر کی گئی ہے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے 21 اکتوبر کو ہندوستان کے گزٹ میں ایک نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے 'موٹر وہیکل ایکٹ 1988' اور 'مرکزی موٹر وہیکل ضابطہ 1989' کے تحت گاڑیوں کی حفاظت سے متعلق تکنیکی معیارات میں ترمیم کی ہے۔ ترمیم شدہ ضابطہ کے مطابق، یکم اکتوبر 2027 سے ایم 1 زمرے کی مسافر گاڑیوں میں 'آٹوموٹیو انڈسٹری اسٹینڈرڈ' اے آئی ایس '076' کے تحت/1//

وزیرداخلہ امیت شاہ کا "پروجیکٹ کرماویر" شروع کرنے کا اعلان

سابق اہلکاروں کو روزی روٹی کے مواقع فراہم کرنے کا اقدام

سرینگر/ جے کے این ایس/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پولیس اور سنٹرل آرمڈ پولیس فورس (سی اے پی ایف) کے اہلکاروں کے خاندانوں اور ساتھ ہی سابق اہلکاروں کو روزی روٹی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے 'پروجیکٹ کرماویر' شروع کرنے کا اعلان کیا جنھوں نے ڈیوٹی کے دوران اپنی جانیں قربان کیں۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق 21 اکتوبر کو پولیس یادگاری دن کے موقع پر

ایکس پر ایک پوسٹ میں، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ اس اقدام سے شہیدوں اور سابق اہلکاروں کی بہادر بیواؤں کو ملک بھر میں 400 کامن سروس سینٹرز (CSC) چلانے کے قابل بنایا جائے/2

پولوویو (سرینگر) میں تین روزہ "کشمیر میراتھن ایکسپو" کا اِفتتاح

وزیر اعلیٰ کی عوام سے اتوار کی میراتھن میں جوش وخروش سے شرکت کی اپیل

سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پولوویو سری نگر میں 'کشمیر میراتھن۔2026' کی تین روزہ نمائش کا افتتاح کیا۔ یہ نمائش 25 اکتوبر (اتوار) کو منعقد ہونے والے اس ایونٹ کے تیسرے ایڈیشن کی تیاریوں کے آخری مرحلے کی نشاندہی کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے سرکاری محکموں، پرائیویٹ سپورٹس فرموں اور ایونٹ کے شراکت داروں کی جانب سے لگائے گئے مختلف سٹالوں اور کاؤنٹروں کا معائنہ کیا جن میں فٹنس، آؤٹ ڈور سرگرمیوں اور کھیلوں کے متحرک کلچر کو فروغ دینے کے لیے کھیلوں کا سامان، آلات اور لوازمات کی وسیع رینج نمائش کے لئے رکھی گئی ہے۔ اس نمائش میں میراتھن میں حصہ لینے والوں کے لئے بب کلیکشن سینٹرز اور موقعہ پر ہی رجسٹریشن کاؤنٹرز بھی قائم کئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ کشمیر میراتھن ملک بھر اور بیرون ملک سے دوڑنے والوں کو اپنی طرف راغب کرے گی جس سے خطے

میں ایک بڑے سپورٹس ایونٹ کے طور پر اس کی حیثیت مزید مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا، "کشمیر میراتھن کا انعقاد تیسری بار کیا جارہا ہے۔ اتوار کو لوگ نہ صرف ملک کے مختلف حصوں سے بلکہ بیرون ملک سے بھی اس میں حصہ لینے آئیں گے۔ ہر دوڑ کی اپنی خوبصورتی ہوتی ہے لیکن کشمیر میراتھن کے گرد و پیش کا ماحول بے مثال ہے۔ اس میں دی جانے والی انعامی رقم بھی کئی دیگر دوڑوں کے مقابلے میں کافی زیادہ ہے۔" وزیر اعلیٰ نے مقامی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک نئے اقدام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مقامی رنروں کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے لئے ایک علیحدہ انعامی زمرہ متعارف کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا، "اس برس آپ نے مقامی رنروں کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہاف میراتھن اور فل میراتھن دونوں میں شرکت کی ترغیب کے طور پر ان کے لئے انعامات متعارف کئے گئے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ اس اقدام سے مقامی کھلاڑیوں/4

ہندوستان اور پولینڈ کا 2030ء تک تجارت دوگنی کرنے کا ہدف/ مودی

خلائی ٹیکنالوجی اور جوہری توانائی کے شعبوں میں تعلقات مضبوط کرنے پر اتفاق

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندوستان اور پولینڈ نے سال 2030 تک دوطرفہ تجارت کو دوگنا کرنے کا مشترکہ ہدف مقرر کیا ہے۔ دونوں ممالک اپنی کمپنیوں کے درمیان تعاون بڑھا کر دنیا کے لیے قابل اعتماد سپلائی نظام تیار کرنے کی سمت میں بھی کام کریں گے۔ مسٹر مودی نے ہندوستان کے دورے پر آئے پولینڈ کے وزیر اعظم کے ساتھ جمعرات کو یہاں دوطرفہ مذاکرات کے بعد مشترکہ پریس بیان میں کہا کہ سال 2024 میں ان کے دورہ پولینڈ کے دوران دونوں ممالک کے تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری کا درجہ دیا گیا تھا۔ گزشتہ دو برسوں میں اس شراکت داری نے نئی رفتار حاصل کی ہے اور حالیہ ملاقات میں اسے مزید مضبوط بنانے کے لیے کئی اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ نافذ ہونے کے بعد ہندوستان سے پولینڈ کو مشینری، کیمیکل، پلاسٹک اور انجینئرنگ مصنوعات کی برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس کے علاوہ ریلوے، ٹرانسپورٹ، جدید مینوفیکچرنگ، فوڈ پروسیسنگ اور بایو ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں پولینڈ سے سرمایہ کاری حاصل کرنے کے امکانات بھی بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے دفاع، خلائی ٹیکنالوجی اور جوہری توانائی کے شعبوں میں تعلقات مضبوط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ہندوستان نے ان شعبوں میں پولینڈ کی کمپنیوں کو مشترکہ ترقی اور پیداوار کے لیے مدعو کیا ہے۔ اہم معدنیات اور کوئلے سے گیس تیار کرنے کے شعبے میں بھی نئی شراکت داریاں قائم کی جائیں گی۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سائبر سیکورٹی میں تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے ہندوستان اور پولینڈ نے 'ہندوستان۔پولینڈ اسٹارٹ اپ سیتو' قائم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک کے نوجوانوں کے درمیان تکنیکی مقابلے بھی منعقد کیے جائیں گے۔ اس سے مصنوعی ذہانت، سائبر سیکورٹی، مالیاتی ٹیکنالوجی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعاون/3

تالاب تلو جموں سے لاش برآمد

شناخت ابھی تک نہیں ہوسکی ہے

جموں/ جے کے این ایس/ حکام نے بتایا کہ جمعرات کی صبح جموں ضلع کے تالاب تلو علاقے سے ایک لاش ملی۔ ایک عہدیدار نے بتایا کہ لاش جمعرات کی صبح جموں کے تالاب تلو علاقے سے برآمد کی گئی۔ پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ عہدیدار نے بتایا کہ متوفی کی شناخت ابھی تک نہیں ہوسکی ہے۔

5 سال کے اندر منشور کے تمام وعدے پورا کریں گے/ نائب وزیر اعلیٰ

بعض میڈیا ادارے مخصوص افراد کے اشاروں پر خبریں شائع کرتے ہیں

سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے جمعرات کو کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت اپنی پانچ سالہ مدت کے اندر انتخابی منشور میں کیے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منتخب حکومت پر اعتماد برقرار رکھیں۔ اننت ناگ میں کشمیر نیوز سروس کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے سریندر

چودھری نے کہا کہ حکومت عوام کو درپیش مختلف مسائل حل کرنے کے لیے کام کررہی ہے اور لوگوں کو حکومت کی کارکردگی کا جائزہ اس کی پوری مدت مکمل ہونے/7

نیشنل کانفرنس بجلی، راشن، روزگار اور سلنڈر کے وعدے بھول گئی

شکست کے احساس سے پنچایتی انتخابات کروانے سے ڈر رہی ہے/ سنیل شرما

سرینگر/ کے این ایس/ لیڈر آف اپوزیشن سنیل شرما نے جمعرات کو نیشنل کانفرنس کی قیادت والی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ شکست کے خوف سے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتخابات وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی حکومت کے لیے ایک کڑا امتحان ثابت ہوں گے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق بی جے پی کے ایک پروگرام کے موقع پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، لیڈر آف اپوزیشن سنیل شرما نے کہا کہ نیشنل کانفرنس جموں و کشمیر میں کسی متبادل سیاسی نمائندگی کے ابھرنے/6

2 مبینہ دہشت گرد معاونین گرفتار

ترک ساختہ پستول، دو IEDs ضبط

بارہمولہ/ جے کے این ایس کے مطابق پولیس نے ایک بیان میں بتایا کہ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر فوج کی 52 راشٹریہ رائفلز اور بارہمولہ پولیس نے بارہمولہ کے دلنہ گھاٹ علاقے کے نزدیک ور پورہ نرسری میں مشترکہ کارروائی کے دوران دونوں افراد کو حراست میں لیا۔ حکام کے مطابق، تلاشی کے دوران ایک ترک ساختہ پستول، ایک میگزین، 10 گولیاں اور 2 دیسی ساختہ دھماکہ خیز آلات (آئی ای ڈیز) برآمد/5

اُدھم پور میں لرزہ خیز واقعہ، ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے

سوتیلی ماں پر ڈیزل چھڑک کر آگ لگادی، ہسپتال میں دم توڑ دیا

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے اودھم پور ضلع میں ایک شخص نے اپنی سوتیلی ماں پر ڈیزل چھڑک کر آگ لگادی، جس کے بعد اسپتال میں علاج کے دوران ان کی موت ہو گئی۔ پولیس حکام نے جمعرات کو بتایا کہ ادھم پور کی ہاؤسنگ کالونی کی رہنے والی 68 سالہ ششا دیوی پر ان کے سوتیلے بیٹے نے ڈیزل چھڑک کر آگ لگادی، جس کے بعد وہ 60 سے 70 فیصد تک جھلس گئیں۔ انہیں تشویش ناک حالت میں ضلع اسپتال لے جایا گیا، جہاں سے بعد میں بہتر علاج کے لیے انہیں گورنمنٹ اسپتال، جموں بھیج دیا گیا، لیکن وہاں ان کی موت ہوگئی۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ اس واقعے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے معاملے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

ڈوڈہ بازار میں 8 دکانیں مال واسباب کے ساتھ نذر آتش

فائر بریگیڈ کے پہنچنے سے پہلے ہی آگ تیزی سے پھیل گئی تھی

جموں/ ضلع ڈوڈہ کے بھگواہ علاقے میں لگنے والی آگ سے چھ دکانیں اور دو اسٹور جل کر خاکستر ہو گئے، جس کے نتیجے میں مقامی دکانداروں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ اس واقعے میں کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔ یہ واقعہ بدھ کی رات گئے ڈیرہ۔بھگواہ بیلٹ میں پیش آیا۔ حکام نے بتایا کہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کے اہلکاروں نے مقامی پولیس اور علاقے کے لوگوں کے ساتھ مل کر آگ پر قابو پایا۔ ایک مقامی دکاندار، عبدالرحمن نے بتایا کہ فائر بریگیڈ کے پہنچنے سے پہلے ہی آگ تیزی سے پھیل گئی، جس سے دکانداروں کا سامان بڑی مقدار میں جل گیا۔ ملک نے کہا، "ہم گھر پر تھے جب ہم نے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ بازار میں آگ لگ گئی ہے۔ جب تک ہم یہاں پہنچے، آگ پھیل چکی تھی۔ فائر بریگیڈ کے آنے سے پہلے ہی دکانداروں کا زیادہ تر سامان تباہ ہو چکا تھا۔ موبائل اور الیکٹرانکس کی دکانوں سمیت تقریباً 8 دکانیں اس کی زد میں آئیں۔" نقصان کی مالیت اور آگ لگنے کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکی ہے۔

سابق منیجر کی "دیدہ دلیری" عوام کے روپے اپنے ذاتی اکاونٹ میں ڈالے

گرامین بینک کے سابق منیجر کے خلاف فراڈ کیس میں چارج شیٹ دائر

سرینگر/ کرائم برانچ کشمیر کے اکنامک کرائم ونگ نے ضلع کپواڑہ میں جموں وکشمیر گرامین بینک کی لال پورہ برانچ کے اس وقت کے منیجر، اعجاز پرجاپت کے خلاف دھوکہ دہی، مجرمانہ خیانت امانت اور بینک وصارفین کے فنڈز میں خرد برد کے الزامات کے تحت چارج شیٹ دائر کردی ہے۔ تحقیقات کے مطابق، پرجاپت نے مبینہ طور پر قرض کی دستاویزات، فائل چارجز اور دیگر متعلقہ اخراجات کے بہانے مختلف صارفین کے کھاتوں سے 1.19 لاکھ روپے اپنے ذاتی بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیے۔ تفتیش کاروں کو یہ بھی معلوم ہوا کہ بینک کے سرکاری اخراجات والے کھاتوں سے مبینہ طور پر 25,850 روپے نکالے گئے، جبکہ مزید 24,100 روپے کو غیر ضروری یا بلا جواز اخراجات کے طور پر ظاہر کیا گیا۔ ان دونوں رقوم کی وجہ سے بینک کو مجموعی طور پر 49,950 روپے کا نقصان پہنچا۔ اس مقدمے کا آغاز جموں وکشمیر گرامین بینک کے کپواڑہ ریجنل آفس کے ریجنل منیجر کی جانب سے درج کرائی گئی شکایت سے ہوا، جسے اینٹی کرپشن بیورو/8

اشتعال انگیز پوسٹر چسپاں کرنے کے الزام میں نوجوان گرفتار/ پولیس

سرینگر/ جے کے این ایس کے مطابق حکام نے بتایا کہ ہندواڑہ میں ملک مخالف پوسٹر سامنے آنے کے معاملے کی تفتیش کے دوران، پولیس کو اس سازش میں اوور گراونڈ ورکرز (OGWs) اور دیگر افراد کے ملوث ہونے کا پتہ چلا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کرلیا گیا ہے، جبکہ اس معاملے میں ملوث دیگر افراد کی شناخت کرنے اور انہیں پکڑنے کی کوششیں جاری ہیں۔

ٹرانسپورٹروں کا مل جل کر کام کرنے کا عہد

مشتاق احمد لسہ کی پارٹی میں محمد یوسف ڈار عرف کھنڈا اور عبدالرشید گنائی کی شمولیت

سرینگر/ مورخہ 22 اکتوبر 2026ء کو ویسٹرن بس سروس پارم پورہ سرینگر کی ایک خاص میٹنگ زیر صدارت مشتاق احمد لسہ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں جاسم خان، محمد یوسف ڈار عرف کھنڈا، عبدالرشید گنائی کے علاوہ فاروق احمد شیخ، فیاض احمد ڈار، لطیف احمد صوفی، حاجی غلام حسن، شبیر احمد گورو اور منظور احمد بٹ کے علاوہ سرکردہ ٹرانسپورٹروں نے حصہ لیا۔ میٹنگ میں ٹرانسپورٹروں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا اور ٹرانسپورٹروں کی فلاح وبہبود کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں مشتاق احمد لسہ نے اپنے مختصر خطاب میں پارٹی ورکروں کو اس بات پر زور دیا کہ ہم سب مل کر ٹرانسپورٹروں کے بہبودی کیلئے کام کریں گے۔ میٹنگ میں مشتاق احمد لسہ نے آئندہ ہونے والے الیکشن جو کہ جنرل سیکریٹری ویسٹرن بس سروس پارم پورہ اور خزانچی کیلئے ہے۔ اس پر بدستور جنرل سیکریٹری سیٹ کیلئے محمد یوسف ڈار اور خزانچی عہدے/11

سعودی عرب میں ہوائی اڈہ اور اوئل فیلڈ پر حالیہ حملے

ہندوستان کا اظہار مذمت، ایک ہندوستانی کی ہلاکت پر لواحقین سے تعزیت

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان نے سعودی عرب میں شہری اور توانائی کے مراکز پر ہونے والے حملوں کی سخت مذمت کرتے ہوئے انہیں ناقابل قبول قرار دیا ہے اور ان حملوں کو فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے جمعرات کو ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ 21 اکتوبر کو دمام کے کنگ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے اور مشرقی صوبے میں واقع شیبہ آئل فیلڈ پر ہونے والے حملوں میں ایک ہندوستانی شہری کی موت ہو گئی، جبکہ تین دیگر زخمی ہو گئے۔ دمام ہوائی اڈے پر ہونے والے حملے میں ایک ہندوستانی شہری ہلاک اور دو زخمی ہوئے ہیں۔ وہیں، شیبہ آئل فیلڈ پر حملے میں ایک اور ہندوستانی شہری زخمی ہوا۔ ہندوستان نے متوفی کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات ظاہر کیں۔ وزارت نے کہا کہ ریاض میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ سعودی حکام کے رابطے میں ہے اور متاثرہ ہندوستانی شہریوں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہا ہے۔ ہندوستان نے سعودی عرب کی خودمختاری کے تحفظ کے معاملے پر وہاں کی حکومت/10

وادی کشمیر کا کوئی موسم بے رونق نہ رہے/ ڈائریکٹر فلوری کلچر

موسم بہار گل لالہ سے منسوب ہوگا اور خزاں گل داودی سے

سرینگر/ کے این ایس/ کشمیر میں خزاں کے سیاحتی موسم کو 'کرسنتھیمم' (گل داودی) باغ کے قیام سے ایک بڑی تقویت ملنے کی توقع ہے۔ ڈائریکٹر فلوری کلچر، گارڈنز اینڈ پارکس، کشمیر، منظور معصوم نے جمعرات کو بتایا کہ اس باغ میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ پھول دار پودے لگائے گئے ہیں، اور توقع ہے کہ ان پر پھول دسمبر کے اوائل تک کھلے رہیں گے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق سری نگر میں ایک تقریب کے موقع پر نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، منظور معصوم نے کہا کہ اس باغ کو وسیع کیاریوں، رنگ برنگے پھولوں کی نمائش، آبی مناظر (واٹر فیچرز)، پرگولاز (سایہ دار ڈھانچوں)، سیلفی پوائنٹس اور سیاحوں کے لیے بہتر سہولیات کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق، انہوں نے کہا، "یہ ہمارا ایک خواب/9

وزیراعلیٰ نے اننت ناگ میں ترقیاتی پیش رفت اور سرکاری سکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا

52 کروڑ روپے مالیت کے منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا

اننت ناگ، 22 اکتوبر // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ضلع سطح کے اپنے عوامی رابطہ پروگرام کو جاری رکھتے ہوئے آج اننت ناگ میں ترقیاتی پیش رفت، سرمائی تیاریوں اور عوامی خدمات کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے محکموں کو جاری پروجیکٹوں میں تیزی لانے، سرکاری سکیموں کی عمل آوری کو بہتر بنانے اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے موسم سرما میں مربوط اور موثر تیاریوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ سرما کے مہینوں میں لوگوں کی تکلیف کو کم کرنے کے لئے مضبوط انتظامات کریں۔ انہوں نے روڈز اینڈ بلڈنگز، مکینکل انجینئرنگ، میونسپلٹی، اربن لوکل باڈیز، پی ایم جی ایس وائی اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیا تاکہ برف ہٹانے کا کام بروقت ہو۔ وزیر اعلیٰ نے انتظامیہ کو ضروری اشیا کا مناسب ذخیرہ یقینی بنانے، رسوئی گیس سلنڈروں کے بفر اسٹاک کو مضبوط بنانے اور برفباری والے علاقوں میں بلاخلل ایمرجنسی طبی خدمات بلا رکاوٹ جاری رکھنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے بجلی کی فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے مطلع شدہ بجلی کٹوتی کے نظام الاوقات پر سختی سے عمل کرنے اور صارفین کو غیر شیڈول بجلی کی کٹوتیوں کے بارے میں پیشگی اطلاع دینے پر زور دیا۔ جائزہ میٹنگ میں صحت، تعلیم، سڑکیں ۔۔۔/ 101

ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیاں نے سی ایل یو میٹنگ کی صدارت کی

مقدمات کے بروقت نمٹارے کا جائزہ لیا

شوپیاں / 22 اکتوبر // ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیاں چرن دیپ سنگھ نے آج منی سیکریٹریٹ شوپیاں میں چینج آف لینڈ یوز (سی ایل یو) کے مقدمات سے متعلق ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ دوران میٹنگ ضلع ترقیاتی کمشنر نے 'تبدیلی اراضی استعمال' سے متعلق مقدمات کا جائزہ لیا اور مقررہ قواعد، ضوابط اور طے شدہ رہنما اصولوں کے مطابق ان کی مکمل جانچ پڑتال کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ مقدمات کی جانچ کے دوران شفافیت کو یقینی بنائیں، مناسب دستاویزات برقرار رکھیں اور مقررہ طریقہ کار پر عمل کریں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ زیر التوا مقدمات کی کارروائی میں تیزی لائیں اور قابل اطلاق اصولوں کے مطابق ان کا بروقت نمٹارہ ۔۔۔/ 102

عرس میر سید حسین سمنانیؒ پر

ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی تہنیت

سرینگر // صدر جموں کشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عرس مبارک حضرت میر سید حسین سمنانیؒ (کولگام) پر مسلمانوں کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حضرت سمنانی صاحب کی تعلیم ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں کو عظیم الشان مرتبہ عطا کیا اور ان کی تعلیم جو قرآن اور حدیث پر مبنی ہے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ حضرت سید سمنانی صاحبؒ کی زیارت پر ہمیشہ عقیدت مندوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ انہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ بزرگان دین کی تعلیم پر ہمیں چلنے کی توفیق عطا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بزرگان دین کی درگاہیں اسلامی تہذیب و تمدن کی گہوارے رہی ہے اور اللہ تعالیٰ نیک بندوں کی دعائیں ان اولیاء کرام کی درگاہوں پر قبول کرتا ہے۔ پارٹی ۔۔۔/ 103

ڈویژنل کمشنر کشمیر نے گریٹر سری نگر سیوریج سکیم کی پیش رفت کا جائزہ لیا

زیر التوا کام ایک ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

سری نگر، 22 اکتوبر // ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے جمعرات کو جواہر لعل نہرو نیشنل اربن رینیول مشن (جے این این یو آر ایم) کے تحت عمل میں لائی جا رہی گریٹر سری نگر جامع سیوریج اسکیم کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور تمام زیر التوا کاموں کو ایک ماہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ جائزہ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سری نگر، چیف انجینئر اربن انوائرنمنٹل انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ (یو ای ای ڈی)، نیشنل بلڈنگز کنسٹرکشن کارپوریشن (این بی سی سی) کے جنرل منیجر اور کے پی ڈی سی ایل، محکمہ صحت عامہ (پی ایچ ای)، محکمہ تعمیرات عامہ اور سری نگر میونسپل کارپوریشن کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ۔۔۔/ 106

مشن ڈائریکٹر نے جموں و کشمیر میں پی ایم-اے بی ایچ آئی ایم اور

ای سی آر پی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

جموں //// نیشنل ہیلتھ مشن (این ایچ ایم) جموں و کشمیر کے مشن ڈائریکٹر اطہر عامر شفیع الحق خان نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں پردھان منتری آیوشمان بھارت ہیلتھ انفراسٹرکچر مشن (پی ایم-اے بی ایچ آئی ایم) اور ایمرجنسی کووڈ رسپانس پیکیج (ای سی آر پی) کے تحت جاری طبی بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ جائزہ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو افسر ہریش کیش کمار، چیف جنرل منیجر پون کمار بھاٹیہ، جنرل منیجر دیپک کمار، سینئر منیجر اشوک کمار، ڈپٹی منیجر لوکیش کمار، ڈائریکٹر پلاننگ، ایف اے سی اے او اور متعلقہ پروگرام منیجر ڈاکٹر جتیندر مہتا نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مشن ڈائریکٹر نے صحت کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق مختلف منصوبوں کی زمینی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس ۔۔۔/ 105

ڈاکٹر درخشان نے چرار شریف میں جی این ادفر کی

شیخ العالمؒ کی حیات پر مبنی ایک سوانحی کتاب کا اجراء کیا

چرار شریف (بڈگام)، 16 اکتوبر // جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج حضرت شیخ العالم شیخ نورالدین نورانیؒ کی حیات، تعلیمات اور روحانی ورثے پر مبنی ایک سوانحی کتاب کا اجراء کیا۔ معروف مصنف بابا غلام نبی ادفر کی تحریر کردہ یہ کتاب انگریزی زبان میں لکھی گئی ہے۔ "اپوسل آف لائٹ" (Apostle of Light) کے عنوان سے اس کتاب کی باضابطہ رسم اجراء ڈاکٹر اندرابی نے کشمیر مرکز ادب و ثقافت کے زیر اہتمام منعقدہ ایک خصوصی ادبی و علمی تقریب کے دوران انجام دی۔ یہ تقریب جموں و کشمیر وقف بورڈ کے شیخ العالم کانفرنس ہال، چرار شریف میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں ممتاز دانشوروں، ادیبوں اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی، جن میں پروفیسر جی این خاکی، ڈاکٹر ستیش ونل اور غلام حسن طالب ۔۔۔/ 104

بارہمولہ اور شوپیاں میں پولیس

کے سائبر بیداری پروگرام

بارہمولہ، 22 اکتوبر // جرائم کے بڑھتے ہوئے خطرات کے بارے میں عوام کو آگاہ کرنے اور محفوظ ڈیجیٹل طریقوں کو فروغ دینے کی کوشش کے تحت پولیس نے بارہمولہ اور شوپیاں میں سائبر بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ میں یہ پروگرام گورنمنٹ ہائی اسکول ہنر میں منعقد کیا گیا، جبکہ شوپیاں میں پروگرام کا اہتمام عالم گنج ہرمین میں کیا گیا۔ ان پروگراموں میں طلبہ کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، بزرگ شہریوں، مقامی باشندوں اور دیگر لوگوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ شرکاء کو سائبر جرائم کی مختلف اقسام، آن لائن دھوکہ دہی اور محفوظ و ذمہ دارانہ ڈیجیٹل طریقے اپنانے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ پروگراموں کے دوران شرکاء کو سائبر فراڈ، فشنگ، او ٹی پی سے متعلق دھوکہ دہی، آن لائن بینکنگ فراڈ، سوشل میڈیا کے خطرات اور سائبر جرائم کی دیگر ۔۔۔/ 107

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے

ضلع میں 'جل جیون مشن' کے تحت واٹر سپلائی سکیموں کا معائینہ کیا

کولگام / 22 اکتوبر // ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام اور چیئرمین ڈسٹرکٹ جل جیون مشن شہزاد عالم نے آج کولگام میں جل جیون مشن (جے جے ایم) کے تحت عملائی جاری واٹر سپلائی کی مختلف سکیموں (ڈبلیو ڈبلیو ایس) کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے ایک تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ڈبلیو ایس ایس لنگر پورہ اور کھلورہ، ڈبلیو ایس ایس نی سولہ جی پی، ڈبلیو ایس ایس نی سول، ڈبلیو ایس ایس اسٹھل جی پی اور ڈبلیو ایس ایس لیسو جی پی کے سول، میکینکل اور زیر زمین پانی سے متعلق کاموں کا جائزہ لیا۔ معائینے کے دوران شہزاد عالم نے زمینی سطح پر ہوئی پیش رفت کا جائزہ لیا، جاری تعمیراتی اور تکنیکی سرگرمیوں کا معائینہ کیا اور بنیادی ڈھانچے کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انجینئرنگ ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے مقررہ مدت کے مطابق کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور کام کے نفاذ میں منظور شدہ معیارات پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے 'جل جیون مشن' کے بنیادی مقصد ہر دیہی گھرانے تک پینے کے صاف، محفوظ اور دیرپا پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا اعادہ کرتے ہوئے افسران کو ہدایت ۔۔۔/ 108

سیکریٹری MoSJ&E نے جموں و کشمیر کی بنیادی سطح پر فلاحی رسائی اور

منشیات کے خلاف حکومت کے جامع انداز کی تعریف کی

سرینگر 22 اکتوبر // مرکزی سیکریٹری وزارت سماجی انصاف و بااختیاری سدھانش پنت نے آج جموں و کشمیر کی سماجی فلاحی اسکیموں کے تحت وسیع بنیادی سطح پر رسائی اور منشیات کے استعمال کے خلاف مربوط، حکومت کے جامع انداز کی تعریف کی اور مرکزی زیر انتظام علاقے کی کوششوں کو ایک قابل تعریف ماڈل قرار دیا جسے پورے ملک میں دوہرایا جا سکتا ہے۔ مسٹر پنت نے یہ مشاہدات جموں و کشمیر میں مختلف سماجی فلاحی اسکیموں اور پروگراموں کے نفاذ کے جامع جائزے کے دوران کئے جس کی مشترکہ صدارت انہوں نے اور چیف سیکریٹری مسٹر اٹل ڈولو نے کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم، کمشنر سیکریٹری ایجوکیشن، سیکریٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، سیکریٹری ہیلتھ، ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر کشمیر، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر جموں، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سائیکاٹری گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر، سیکریٹری ایس سی / ایس ٹی / او بی سی بورڈ کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ مسٹر پنت نے یو ٹی انتظامیہ کی فلاحی مداخلتوں کو گراؤنڈ لیول تک پہنچانے کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ گاؤں اور پنچایتوں میں کی گئی اس رسائی سے جامع فلاحی ترسیل کیلئے مربوط عزم جھلکتا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر جموں و کشمیر کی منشیات کے خطرے کے خلاف مربوط مہم کی تعریف کی اور کہا کہ اسے پورے ملک میں سراہا گیا ہے اور یہ دوسرے علاقوں کیلئے ایک کامیاب ماڈل بن سکتی ہے۔ اس موقع پر ۔۔۔/ 109

بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تیز رفتار تعمیر و ترقی

عمر عبداللہ حکومت کی اولین ترجیحات / احسان پردیسی

سرینگر // جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے نائب صدر صوبہ اور ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر بھر میں عوام کو بنیادی شہری سہولیات فراہم کرنا اور ترقیاتی ڈھانچے کو مستحکم بنانا عمر حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان باتوں کا اظہار احسان پردیسی پارٹی ہیڈکوارٹر نوائے صبح سرینگر میں مختلف عوامی وفود اور لوگوں کے مسائل و مشکلات سننے کے دوران کیا۔ انہوں نے لوگوں کے مشکلات اور مطالبات سنے اور شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے رابطہ کیا اور انہیں ہدایت دی کہ عوامی مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر اور مقررہ مدت کے اندر ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے کئی برسوں کے دوران سست پڑی تعمیر و ترقی کی رفتار کو دوبارہ تیز کیا ہے اور عوام کو جوابدہ انتظامیہ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فلاحی منصوبوں پر عمل درآمد میں ۔۔۔/ 111

ڈی ڈی سی پلوامہ نے بٹہ گنڈ ترال میں عوامی رابطہ و شکایات ازالہ کیمپ منعقد کیا

افسران کو فیلڈ دوروں اور باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت

پلوامہ، 22 اکتوبر //// ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ کلدیپ کرشن سدھا کی صدارت میں آج بٹہ گنڈ، اریپال، سب ڈویژن ترال میں ایک بڑے عوامی رابطہ و شکایات ازالہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس کیمپ کے ذریعے بٹہ گنڈ، اریپال، گلشن پورہ، جواہر پورہ، لارگام اور ملحقہ علاقوں کے رہائشیوں کو اپنے ترقیاتی مسائل پیش کرنے اور شکایات کے مقررہ مدت میں ازالے کا مطالبہ کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ کیمپ میں مقامی لوگوں نے بھرپور شرکت کی اور صحت، پینے کے پانی، سڑک رابطوں، تعلیم، مقامی ستھرائی، محکمہ مال کی خدمات، آبپاشی، سیلاب سے بچاؤ، جنگلات اور لکڑی کی فراہمی، عوامی ٹرانسپورٹ، بجلی کے بنیادی ڈھانچے، سیاحت، کھیلوں کی سہولیات اور قبائلی بہبود سے متعلق متعدد مسائل اٹھائے۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے عوامی شکایات کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ باہمی تال میل، واضح مدت اور مسلسل نگرانی کے ذریعے زمینی سطح پر مسائل حل کیے جائیں۔ انہوں نے غیر ضروری دفتری پیچیدگیوں اور تاخیر سے گریز کرنے پر بھی زور دیا۔ مقامی لوگوں نے تحصیل اور بلاک دفاتر الگ الگ مقامات پر قائم ہونے کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات کی نشاندہی کی۔ اس پر ضلع ترقیاتی کمشنر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ترال کو ہدایت دی کہ اس مسئلے کا جائزہ لے کر ایسا عملی انتظام کیا جائے جس سے عوام کو سرکاری خدمات تک آسان رسائی حاصل ہو ۔۔۔/ 110

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل کی زیر صدارت این کورڈ میٹنگ منعقد

منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے، عوامی بیداری بڑھانے پر زور

گاندربل، 22 اکتوبر //// ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل شریا سنگھل نے آج ڈی سی دفتر گاندربل میں نارکو کوآرڈینیشن (این کورڈ) نظام کے تحت ضلعی سطح کی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں منشیات کے استعمال کی روک تھام، منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کو مضبوط بنانے اور ضلع کو منشیات سے پاک بنانے کے لیے مختلف محکموں کی مشترکہ کوششوں کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کے دوران ضلع ترقیاتی کمشنر نے منشیات کے بڑھتے ہوئے مسئلے سے نمٹنے میں مختلف محکموں کے کردار اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس مسئلے سے موثر طور پر نمٹنے کے لیے ایک جامع، مربوط اور مسلسل حکمت عملی اپنانے پر زور دیا جس میں قانون کا نفاذ، روک تھام، عوامی بیداری، علاج، مشاورت اور بحالی کے اقدامات شامل ہوں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے پولیس، محکمہ ایکسائز، ڈرگ کنٹرول حکام اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان خفیہ معلومات کے تبادلے اور باہمی تال میل کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث نیٹ ورکس کی نشاندہی کر کے غیر قانونی طور پر منشیات کی فراہمی اور تقسیم میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جاسکے۔ انہوں نے منشیات کے حوالے سے حساس علاقوں کی موثر نگرانی اور قانون کے مطابق منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی ہدایت دی۔ نوجوانوں کو نشہ آور اشیاء کے استعمال سے محفوظ رکھنے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے محکمہ تعلیم، محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس اور دیگر متعلقہ اداروں کو تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر بیداری پروگراموں میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے طلبہ، نوجوانوں کے گروپوں، والدین اور مقامی برادریوں کے نمائندوں کو منشیات کی روک تھام کی کوششوں میں شامل کرنے اور مشتبہ سرگرمیوں کی بروقت متعلقہ حکام کو اطلاع ۔۔۔/ 112

ڈی سی بڈگام نے ڈی ایل آئی سی میٹنگ کی صدارت کی

ایچ اے ڈی پی، جے کے سی آئی پی کے نفاذ کا جائزہ لیا

بڈگام، 22 اکتوبر //// ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) بڈگام، جتن کشور نے آج ایک ضلعی سطح پر عمل درآمد کمیٹی (ڈی ایل آئی سی) کے ساتھ جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف سکیموں کے نفاذ اور پیش رفت کا جائزہ لیا، کسانوں کے اندراج کو بڑھانے، خلا کی نشاندہی کرنے اور پروگراموں کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے HADP اور JKCIP کے تحت باقاعدہ نگرانی، متعلقہ محکموں کے درمیان بہتر تال میل اور بروقت کارروائی اور مقدمات کی منظوری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے افسران کو زیر التواء مقدمات کو تیز کرنے، بیک لاگ کو صاف کرنے اور درخواستوں کی منظوری اور نمٹانے میں شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ میٹنگ میں کسان کریڈٹ کارڈ (کے سی سی) کے معاملات، پروجیکٹ وار پیش رفت اور پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا (PMFBY) کے نفاذ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈی سی نے مختلف اسکیموں کے تحت قرضوں کی منظوری کو بہتر بنانے اور [illegible] پورٹل پر 100 فیصد رپورٹنگ کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ زراعت، حیوانات، باغبانی، ریشم، ماہی پروری، بھیڑ پالنے ۔۔۔ 113

OFFICE OF THE HEADMASTER GOVT. MIDDLE SCHOOL K-GOJRAN KHIRAM

Zone Srigufwara District Anantnag,J&K

PUBLIC NOTICE

It is hereby notified that Certificate Nos. 99and 104, issued by this institution in favour of the following, are cancelled and declared invalid due to error in Date of Birth(DOB .(These certificates shall not be accepted or used for any official purpose in any office.

1 .Salma Irshad D/o Irshad Ahmad Cheechi, R/o Kasnad.

2 .Sharish Amin D/o Mohammad Amin Khan Pood, R/o Fresnady.

Headmaster
BMS K-Gojran Khiram

PUBLIC NOTICE

I have changed my name from FAHAD SHAH to FAHAD ROUF SHAH. In future, I will be known as FAHAD ROUF SHAH .My mother's name will change from SHAHINA to SHAHEENA SHAH

If any person, authority, or institution has any objection to this name change, they are requested to submit their written objection to the Passport Office, Srinagar within seven (7) days from the date of publication of this notice. No objections will be entertained after the expiry of the 7-day period.

PUBLIC NOTICE

I, Mudasir Ahmad, F/o Tatheer Mudasir Wani, R/o Sempora, Panthachowk, Srinagar, hereby give notice to the general public that in the school records of my daughter, studying in Class 2nd at Birla Open Minds International School, Pampore, my name has been erroneously recorded as"Mudasir Ahmad Wani instead of my actual and correct name "Mudasir Ahmad. I have applied to the school authorities for necessary correction in her records. Objections, if any, in this regard may be conveyed to the principal of the concerned school within seven (7)days from the publication of this notice.

Mudasir Ahmad R/o Sempora. Panthachowk. Srinagar

سرینگر ٹائمز

23 اکتوبر 2026ء بروز جمعہ

ڈاکٹر، مریض اور حکومت
بات انٹرن ڈاکٹروں کے وظیفہ سے آگے

جموں وکشمیر سرکار نے اپنے وعدے کے مطابق انٹرن ڈاکٹروں کی تنخواہ (وظیفہ) میں اضافہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے تحت ہر انٹرن ڈاکٹر کو ہر ماہ 25 ہزار روپے بطور وظیفہ ملے گا۔ حکومت نے اس سلسلہ میں یہ اطلاع بھی دی ہے کہ اس پر عمل کرنے کیلئے وزارت صحت کو خصوصی ہدایات دی گئی ہیں۔ متاثرہ ڈاکٹروں نے وعدہ پورا نہ ہونے کی صورت میں پھر سے ہڑتال کرنے کا جو ارادہ کیا تھا وہ یقیناً خود بخود ترک ہوگیا۔ احتجاجی ڈاکٹروں نے اپنی ڈیوٹی پر واپس آنے کی تیاریاں مکمل کی چکی ہوں گی۔ اس طرح وزیر صحت اور انٹرن ڈاکٹروں دونوں نے اطمینان کی سانس لی ہوگی۔

میڈیکل کی دنیا میں انٹرن ان ڈاکٹروں کو کہا جاتا ہے کہ جنہوں نے تازہ تازہ MBBS کے امتحانات کو پاس کیا ہوتا ہے۔ سرکار کی طرف سے پہلے سے بنائی گئی سکیم کے تحت کامیاب ڈاکٹروں کو پہلی فرصت میں مختلف سرکاری ہسپتالوں میں تعینات کیا جاتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں انہیں سینئر ڈاکٹروں اور سرجنوں کے ساتھ رسائی ہوتی ہے۔ وہ مریضوں اور تیمارداروں کے قریب ہوکر اپنے فرائض کی ادائیگی کے لوازمات سے واقف ہوتے ہیں۔ ایک سال تک انہیں ہسپتال کے ماحول علاج ومعالجہ کے طور طریقے اور مریضوں اور معالجوں کے درمیان تال میل سے واقفیت ہوتی ہے۔ اس دوران انٹرن ڈاکٹروں کو تنخواہ بھی دی جاتی ہے جسے عام لفظ میں وظیفہ کہا جاتا ہے۔ انٹرن ڈاکٹر مستقل نہیں ہوتے کیونکہ ایم بی بی ایس پاس کرنے کے بعد سرکاری ڈاکٹر یا تسلیم شدہ معالج بننے کیلئے بہت سارے مراحل اور مزید امتحانات اور انٹرویوز سے گزرنا پڑتا ہے۔

جہاں تک ڈاکٹروں کا تعلق ہے انہیں ملازمت کے حصول کیلئے میدان کھلا رہتا ہے۔ لیکن ایم بی بی ایس پاس کو انٹرن شپ کے بعد سرکاری نوکری نہیں مل سکتی البتہ پرائیویٹ ہسپتالوں کے دروازے ان کیلئے کھلے رہتے ہیں۔ اس لئے سرکاری ملازمت کا کچھ دیر تک انتظار کرنے کے بعد وہ نجی ہسپتالوں، نرسنگ ہوموں اور طبی اداروں میں ملازمت کیلئے درخواستیں دینے میں تاخیر نہیں کرتے۔ بلا شک ہندوستان جیسے ملک جس میں کروڑوں لوگ ہیں کے علاج ومعالجہ کیلئے ڈاکٹروں کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔ اس کو پورا کرنے کیلئے ملک بھر میں میڈیکل کالجوں کا جال بچھا ہے اور ان سے منسلک ہسپتالوں کی تعداد کی بھی کوئی حد نہیں ہے۔

لیکن ان تمام مواقع کے باوجود ڈاکٹروں کی بہت ساری تعداد "بے کار" ہے اور سرکاری ہسپتالوں میں بے شمار اسامیاں خالی ہیں۔ حکومت خود اقرار کرتی ہے کہ مانگ کے مقابل ڈاکٹروں کی کمی ہے۔ یہ بھی کہتی ہے کہ کرسیاں خالی ہیں چنانچہ عوام حیران ہیں کہ جب اسامیاں خالی ہیں اور امیدوار موجود ہیں تو یہ ہنگامہ کیوں ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ حکومت کے پاس خالی اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے معقول فنڈ نہ ہوں یا یہ کہ کسی نہ کسی طرح ڈاکٹروں کی کمی کے باوجود جوں کی توں صورت حال کو بحال رکھتے ہوئے معاملہ التوا میں ڈالا جائے مگر اس سلسلہ میں حکومت چپ رہتی ہے۔ نئے ہسپتالوں کے قیام کیلئے وزیر انتخابی اور افتتاحی تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ تو لیتے ہیں اور گھر گھر مریضوں کے علاج کیلئے اعلیٰ پیمانے پر انتظامات کرنے کا دعویٰ بھی کرتے ہیں مگر اصل حقائق کو عوام کو بے خبر رکھ کر معاملات کو الجھاتے ہیں۔ محکمہ صحت کو "ترقی" کے دعوے کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ہاں "کمی" کا اعتراف کرنے میں اگر کوئی مصلحت ہے تو یہ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کی صحت کیلئے اچھی نہیں۔

اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری کا عہدہ

متحدہ عرب امارات (UAE) نے مسلم خاتون نامزد کی

متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے عہدے کیلئے اپنی وزیر مملکت لانا ذکی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار نامزد کردیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اگر لانا ذکی نسیبہ کا انتخاب ہوتا ہے تو ایسا پہلی مرتبہ ہوگا، جب کوئی مسلمان اس عالمی ادارے کی سربراہی کرے گا، کیونکہ آج تک جو 9 اشخاص اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل کے عہدے پر براجمان ہوئے ،اُن کا تعلق دیگر مذاہب اور قوموں سے ہے۔ جے کے این ایس مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے رپورٹ کیا ہے کہ ملک کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل کے صدور کو خطوط ارسال کرکے نامزدگی کا باضابطہ اعلان کیا۔ لانا ذکی نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں۔ اس عرصے کے دوران انھوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی نائب صدر اور اقوام متحدہ خواتین ونگ کے ایگزیکٹو بورڈ کی چیئرپرسن کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ لانا ذکی نسیبہ 2022 اور 2023 کی مدت کے دوران 2 مرتبہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدر بھی رہ چکی ہیں۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق سیکریٹری جنرل کی تقرری اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کرتی ہے، تاہم اس کے لیے سلامتی کونسل کی سفارش ضروری ہوتی ہے۔ لانا ذکی نسیبہ متحدہ عرب امارات کی ایک سینئر سفارت کار، سیاست دان اور بین الاقوامی امور کی ماہر ہیں۔ وہ اس وقت یو اے ای کی وزیر مملکت ہیں اور اس سے قبل سیاسی امور کی معاون وزیر کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکی ہیں۔ لانا ذکی نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں متحدہ عرب امارات کی مستقل مندوب رہیں۔ وہ اس منصب پر تعینات ہونے والی پہلی اماراتی خاتون تھیں۔ اقوام متحدہ میں اپنے طویل سفارتی کیریئر کے دوران انھوں نے مختلف بین الاقوامی معاملات، امن و سلامتی، انسانی امداد، پائیدار ترقی اور کثیرالجہتی سفارت کاری کے شعبوں میں اہم کردار ادا کیا۔ انھوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی نائب صدر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

جبکہ 2017 میں یو این ویمن کے ایگزیکٹو بورڈ کی صدر رہ چکی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ اقوام متحدہ میں اصلاحاتی اقدامات اور سلامتی کونسل کی اصلاحات سے متعلق مذاکرات میں بھی فعال کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ 2022 اور 2023 میں، جب متحدہ عرب امارات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن تھا، لانا ذکی نسیبہ نے دو مرتبہ سلامتی کونسل کی صدارت بھی کی۔ اس دوران انھوں نے بین الاقوامی امن وسلامتی سے متعلق اہم اجلاسوں کی قیادت کی۔ تعلیمی اعتبار سے لانا ذکی نسیبہ نے یونیورسٹی آف کیمبرج سے تاریخ میں بیچلرز اور ماسٹرز کی ڈگریاں حاصل کیں، جبکہ سکول آف اورینٹل اینڈ افریقن سٹڈیز (SOAS)، یونیورسٹی آف لندن سے اسرائیلی اور یہودی ڈائسپورا سٹڈیز میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی۔ ان کے سفارتی تجربے، اقوام متحدہ کے نظام سے گہری واقفیت اور بین الاقوامی سطح پر طویل خدمات کے باعث انہیں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے عہدے کے لیے ایک اہم اور مضبوط امیدوار تصور کیا جارہا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اگر لانا ذکی نسیبہ کا انتخاب ہوتا ہے تو ایسا پہلی مرتبہ ہوگا، جب کوئی مسلمان اس عالمی ادارے کی سربراہی کرے گا، کیونکہ آج تک جو 9 اشخاص اقوام متحدہ سیکریٹری جنرل کے عہدے پر براجمان ہوئے ،اُن کا تعلق دیگر مذاہب اور قوموں سے ہے۔ Lie Trygve (ناروے، 1946 تا 1952)، Dag HammarsKjold (سویڈن، 1953 تا 1961)، یو تھانٹ (برما/میانمار، 1961 تا 1971) بدھ مت، کرٹ والڈہیم (آسٹریا، 1972 تا 1981)، Perez Javier Cuellarda (پیرو، 1982 تا 1991)، Boutros Boutros Ghali (مصر، 1992 تا 1996) قبطی عیسائی، کوفی عنان (گھانا، 1997 تا 2006) عیسائی، بان کی مون (جنوبی کوریا، 2007 تا 2016) اور موجودہ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس (پرتگال، 2017 تا حال) کیتھولک (عیسائی)۔

(جے کے این ایس)

> لانا ذکی نسیبہ 2013ء سے 2024ء تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں۔ اس عرصے کے دوران انھوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی نائب صدر اور اقوام متحدہ خواتین ونگ کے ایگزیکٹو بورڈ کی چیئرپرسن کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

خواتین کے ریزرویشن اور حدبندی بل

پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلانے کے امکانات

یو این آئی/ خواتین کے لیے ریزرویشن اور انتخابی حلقوں کی حد بندی سے متعلق اہم آئینی ترامیم کو دوبارہ پیش کرنے کے لیے مرکزی حکومت کی جانب سے رواں ماہ کے اواخر میں پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلانے کے امکانات ایک بار پھر بڑھ گئے ہیں۔ لوک سبھا کے اعلیٰ ذرائع نے جمعرات کو اشارہ دیا کہ ایسے اجلاس کے امکان کو "خارج نہیں کیا جاسکتا"۔ مجوزہ اجلاس حکومت کی جانب سے متنازع قانون سازی کے پیکیج کو پارلیمنٹ سے منظور کرانے کی نئی کوشش ہوگی۔ اس سے قبل بجٹ اجلاس کے دوران حکومت کی کوشش کو اس وقت دھچکا لگا تھا، جب بل لوک سبھا میں مطلوبہ دو تہائی اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہے تھے۔

حکومتی ذرائع کے مطابق، اب حکمراں جماعت حمایت منظم کرنے کے لیے کام کررہی ہے اور اس مقصد سے علاقائی جماعتوں اور اپوزیشن کے چھوٹے گروپوں سے رابطہ کیا جارہا ہے، تاکہ اس مرتبہ آئینی ترامیم کی منظوری یقینی بنائی جا سکے۔ مجوزہ قانون سازی کے دوررس سیاسی اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے، کیونکہ اس میں دو حساس معاملات شامل ہیں، قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے ریزرویشن کا نفاذ اور انتخابی حلقوں کی حد بندی۔ موجودہ آئینی نظام کے تحت لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کے لیے ایک تہائی نشستیں مخصوص کرنے کے نفاذ کو آئندہ مردم شماری اور اس کے بعد ہونے والی حد بندی کی کارروائی سے جوڑا گیا ہے۔ اس نظام میں کسی بھی تبدیلی سے خواتین کے ریزرویشن کے نفاذ کے وقت، انتخابی حلقوں کی نئی حد بندی اور ریاستوں کے درمیان پارلیمانی نمائندگی کی تقسیم پر بحث دوبارہ تیز ہونے کا امکان ہے۔

ذرائع نے بتایا کہ حکومت آئینی ترامیم کے لیے مطلوبہ اعداد وشمار اور حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ڈی ایم کے سمیت اپوزیشن جماعتوں سے رابطہ کررہی ہے۔ ان رابطوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکمراں جماعت ایک اور قانون سازی کی ناکامی سے بچنا چاہتی ہے اور خصوصی اجلاس کا باضابطہ اعلان کرنے سے پہلے یقینی بنانا چاہتی ہے کہ اسے مطلوبہ حمایت حاصل ہے۔ پارلیمانی کارروائی کی موجودہ صورت حال نے بھی مجوزہ اجلاس کے وقت کے بارے میں قیاس آرائیوں کو بڑھا دیا ہے۔ پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کیا جاچکا ہے، لیکن اسے باضابطہ طور پر ختم نہیں کیا گیا ہے۔

اس لیے ضروری ضابطہ جاتی کارروائی مکمل کرنے کے بعد موجودہ اجلاس کا ایک اور اجلاس بلانے کا امکان برقرار ہے۔ حکومتی ذرائع نے اشارہ دیا ہے کہ فیصلہ ہونے کی صورت میں ارکان پارلیمنٹ کو تقریباً ایک ہفتہ پہلے اطلاع دی جاسکتی ہے۔ اگرچہ پہلے تہواروں کے آس پاس اجلاس بلانے پر بات ہوئی تھی، تاہم تازہ اشاروں سے معلوم ہوتا ہے کہ بارھویں برکس پارلیمانی فورم کے موقع پر ایک مختصر اجلاس بلانے پر غور کیا جارہا ہے۔ تاہم، ابھی تک کوئی باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا ہے اور تاریخوں کے ساتھ قانون سازی کے ایجنڈے کو بھی حکومت کی حتمی منظوری کا انتظار ہے۔ یہ مجوزہ قدم حکومت اور اپوزیشن کے درمیان انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی (ایس آئی آر) اور الیکشن کمیشن کے کام کاج، بالخصوص چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار، کے معاملے پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران سامنے آیا ہے۔ اپوزیشن جماعتوں نے انتخابی شفافیت اور ووٹنگ کے عمل کی سالمیت کے حوالے سے اپنی مہم تیز کردی ہے، جس سے آئندہ اہم انتخابی مقابلوں سے پہلے سیاسی تناؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ اس پس منظر میں آئینی ترامیم کے لیے حمایت حاصل کرنے کی حکومت کی کوششوں کو وسیع تر مشاورت اور پارلیمنٹ میں تفصیلی غور و خوض کے مطالبات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے حال ہی میں کانگریس رہنماؤں کو خط لکھ کر تعمیری تعاون کی اپیل کی ہے، جبکہ کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں قائد حزب اختلاف ملکارجن کھرگے نے مجوزہ قانون سازی پر تبادلۂ خیال اور خصوصی اجلاس کے باضابطہ اعلان سے پہلے مناسب بحث کو یقینی بنانے کے لیے تمام جماعتوں کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔

اپوزیشن کے خدشات کا مرکز حد بندی کے آئینی اور سیاسی نتائج ہوں گے، بالخصوص ریاستوں کے درمیان پارلیمانی نشستوں کی تقسیم اور وفاقی توازن کو منصفانہ رکھنے کے لیے ضروری حفاظتی اقدامات۔ جنوبی ریاستوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ آبادی کی بنیاد پر نشستوں کی نئی تقسیم سے آبادی میں اضافے کو قابو کرنے میں پیش رفت کے باوجود پارلیمنٹ میں ان کی نسبتی نمائندگی کم ہوسکتی ہے۔ اس لیے حکومت کو نہ صرف پارلیمنٹ میں مطلوبہ اکثریت حاصل کرنے کے مسئلے سے نمٹنا ہوگا، بلکہ وفاقی مساوات اور سیاسی نمائندگی سے متعلق وسیع تر خدشات کا بھی جواب دینا ہوگا۔ آئین کے آرٹیکل 368 کے تحت، آئینی ترمیمی بلوں کی منظوری کے لیے عموماً پارلیمنٹ کے ہر ایوان کی کل رکنیت کی اکثریت اور حاضر ہوکر ووٹ دینے والے ارکان کی دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔

بعض ترامیم کے لیے کم از کم نصف ریاستی اسمبلیوں کی توثیق بھی ضروری ہوتی ہے۔ تاہم، درست شرائط کا انحصار مجوزہ بلوں کی دفعات پر ہوگا۔ مطلوبہ حمایت حاصل کرنے میں حکومت کو پہلے درپیش مشکلات کے پیش نظر علاقائی جماعتوں کی حمایت فیصلہ کن ثابت ہوسکتی ہے۔ حکومت کے لیے خصوصی اجلاس اپنے قانون سازی کے ایجنڈے کو دوبارہ آگے بڑھانے اور سیاسی مذاکرات کے ذریعے گزشتہ ناکامی پر قابو پانے کا مظاہرہ کرنے کا موقع ہوگا۔

دوسری جانب، اپوزیشن کے لیے یہ اس بات کا ایک اور امتحان ہوگا کہ وہ ایسی قانون سازی کے معاملے میں مختلف جماعتوں کے درمیان کس حد تک ہم آہنگی پیدا کرسکتی ہے، جس میں آئینی اصلاحات کے ساتھ انتخابی سیاست پر نمایاں اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے۔ فی الحال حکومت نے باضابطہ اعلان کرنے سے گریز کیا ہے۔ تاہم، لوک سبھا کے اعلیٰ ذرائع کی جانب سے خصوصی اجلاس کے امکان کو خارج نہ کیے جانے اور علاقائی جماعتوں کی حمایت حاصل کرنے کی مبینہ کوششوں نے اکتوبر میں اجلاس بلانے کے امکان کو ایک بار پھر سیاسی توجہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ اب اہم سوال یہ ہیں کہ آیا حکومت باضابطہ طور پر خصوصی اجلاس بلائے گی، کیا وہ مطلوبہ اکثریت حاصل کرسکے گی، اور کیا پارلیمنٹ میں ووٹنگ سے پہلے اپوزیشن کو مجوزہ آئینی تبدیلیوں کا جائزہ لینے اور ان پر بحث کرنے کے لیے مناسب وقت دیا جائے گا۔ یو این آئی

خبرونظر

سپیکر اوم برلا چیف الیکشن کمشنر کے مواخذے کی تحریک کا جائزہ لیں گے

این سی پی آئی ارکان کو مزید مہلت دینے سے انکار

یو این آئی/ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے جمعرات کو چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف مجوزہ مواخذے کی تحریک پر تبصرہ کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ جب یہ معاملہ باضابطہ طور پر ان کے سامنے آئے گا، تب اس کا جائزہ لیا جائے گا۔ دوسری جانب، انہوں نے اشارہ دیا کہ نیشنلسٹ سٹیزنس پارٹی آف انڈیا (این سی پی آئی) کے ارکان کو مزید کوئی مہلت نہیں دی جائے گی، کیونکہ وہ پہلے ہی چار مرتبہ اضافی وقت دینے کی درخواست کرچکے ہیں۔ گیانیش کمار کے خلاف مجوزہ تحریک سے متعلق سوال پر مسٹر برلا نے کہا، "جب یہ معاملہ سامنے آئے گا، تب دیکھیں گے۔" اس طرح انہوں نے یہ واضح نہیں کیا کہ اگر تحریک باضابطہ طور پر پیش کی جاتی ہے تو لوک سبھا میں متعلقہ پارلیمانی ضابطے کے تحت اس پر کیا کارروائی کی جائے گی۔

یہ معاملہ انتخابی عمل، انتخابی فہرستوں پر نظرثانی اور الیکشن کمیشن کے کام کاج اور غیر جانب داری سے متعلق الزامات کے حوالے سے اپوزیشن اور الیکشن کمیشن آف انڈیا کے درمیان جاری کشیدگی کے پس منظر میں سامنے آیا ہے۔ اپوزیشن جماعتوں نے انتخابی سرگرمیوں کے طریقہ کار پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے زیادہ جواب دہی اور انتخابی اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے۔ اپوزیشن کے بعض حلقوں نے چیف الیکشن کمشنر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کو عہدے سے ہٹانے کا عمل آئین کے تحت سخت حفاظتی ضوابط کے تابع ہے۔ آئین کے آرٹیکل 324(5) کے مطابق، چیف الیکشن کمشنر کو اسی طریقہ کار اور انہی بنیادوں پر عہدے سے ہٹایا جاسکتا ہے، جن کی بنیاد پر سپریم کورٹ کے کسی جج کو ہٹایا جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے مقررہ طریقہ کار کے تحت پارلیمنٹ میں غور وخوض اور دونوں ایوانوں میں خصوصی اکثریت کی منظوری ضروری ہے۔

لہذا، عہدے سے ہٹانے کے معاملے پر کارروائی سے پہلے کسی بھی مجوزہ تحریک کو متعلقہ ضابطہ جاتی تقاضوں پر پورا اترنا ہوگا۔ مسٹر برلا کے بیان سے یہ واضح نہیں ہوا کہ مجوزہ تحریک باضابطہ طور پر پیش کی جاچکی ہے یا نہیں، اور نہ ہی انہوں نے اس کی قابل قبولیت کے بارے میں کسی فیصلے کا اشارہ دیا۔ ان کے جواب سے ظاہر ہوا کہ وہ پیشگی طور پر تحریک کے میرٹ پر تبصرہ کرنے کے بجائے مناسب وقت پر اس معاملے کو دیکھیں گے۔ این سی پی آئی کے ارکان سے متعلق الگ معاملے پر اسپیکر نے واضح کیا کہ اضافی وقت دینے کی بار بار کی گئی درخواستوں کے باوجود انہیں مزید مہلت نہیں ملے گی۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ارکان پہلے ہی چار مرتبہ مزید وقت مانگ چکے ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اب انہیں مزید موقع نہیں دیا جائے گا۔

اگرچہ مسٹر برلا نے این سی پی آئی کے ارکان سے متعلق آئندہ ضابطہ جاتی کارروائی کی تفصیلات نہیں بتائیں، تاہم ان کے بیان سے واضح ہوا کہ پارلیمانی کارروائی میں بار بار مہلت دینے کی درخواستوں کی بھی حدود ہوتی ہیں۔ یہ دونوں معاملات اسپیکر کی ان ذمہ داریوں کو نمایاں کرتے ہیں جن کے تحت انہیں اہم آئینی اور سیاسی مضمرات رکھنے والے معاملات کو طے شدہ قواعد وضوابط کے مطابق نمٹانے کے ساتھ لوک سبھا کی کارروائی کو بھی جاری رکھنا ہوتا ہے۔

پانی کی قلت سے دیہی خواتین شدید متاثر

کشمیر میں 83 فیصد گھرانوں کو پانی کی قلت کا سامنا/ یونیورسٹی آف کشمیر



اے پی آئی/ کشمیر یونیورسٹی نے انکشاف کیا کہ وادی کشمیر میں پانی کی قلت سے دیہی خواتین شدید متاثر، 95 فیصد ذہنی و جسمانی تھکن کا شکار، 83 فیصد گھرانوں کو پانی کی کمی کا سامنا، 91.7 فیصد گھروں میں خواتین پانی لانے کیلئے اپنی خدمات انجام دیتی ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق کشمیر کے دیہی علاقوں میں پانی کی قلت، خواتین کی زندگیوں پر بھاری پڑ رہی ہے۔ یونیورسٹی آف کشمیر کے ایک تحقیق کے مطابق سروے میں شامل 95 فیصد خواتین نے پانی سے متعلق کاموں کے باعث ذہنی اور جسمانی تھکن کی شکایت کی جبکہ 83 فیصد گھرانوں کو پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

یونیورسٹی آف کشمیر کے مرکز برائے مطالعات و تحقیق خواتین (سی ڈبلیو ایس آر) کی سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ ملک کی قیادت میں انجام دی گئی یہ مطالعہ انڈین کونسل آف سوشل سائنس ریسرچ (آئی سی ایس ایس آر) کے مالی تعاون سے چلنے والے منصوبے، ناری شکتی اینڈ واٹر گورننس کے تحت کیا گیا۔ تحقیق میں ضلع بڈگام، پلوامہ اور کپواڑہ کے 70 سے زائد دیہات کا احاطہ کیا گیا۔

سروے میں شامل 600 گھرانوں میں سے 550 گھرانوں یعنی 91.7 فیصد میں پانی کی لانے کی ذمہ داری خواتین ادا کرتی ہیں جبکہ صرف 45 گھرانوں یعنی 7.5 فیصد میں یہ کام مرد انجام دیتے ہیں۔ تحقیق کے نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دیہی علاقوں میں پانی کی قلت نہ صرف گھریلو زندگی کو متاثر کررہی ہے بلکہ خواتین کی جسمانی صحت اور ذہنی سکون پر بھی منفی اثرات مرتب کررہی ہے۔

GOVT. OF JAMMU & KASHMIR

SRINAGAR MUNICIPAL CORPORATION

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER LEFT RIVER WORKS DIVISION

[illegible]

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

JAMMU & KASHMIR SERVICES SELECTION BOARD

Muthi, Akhnoor Raod, Jammu/Zamzam Complex Rambagh Srinagar.

www.jkssb.nic.in

NOTIFICATION

Subject: Result of qualified candidates of Physical Standard Test (PST)/ Physical Endurance Test (PET) (Walk Test) for the post of Wildlife Guard, Social Forestry Worker, Inspector (FPF), FPF Guard and Field Assistant advertised vide Notification No. 03 of 2021 and 04 of 2022 under various Item Nos. in the Department of Forest, Ecology & Environment - regarding.

Whereas, the J&K Services Selection Board (JKSSB) conducted OMR based written examination for the post of Wildlife Guard, Social Forestry Worker, Inspector (FPF), FPF Guard and Field Assistant, Department of Forest, Ecology & Environment, advertised vide Notification No. 03 of 2021 and 04 of 2022, Item Nos. 84, 85, 86, 87, 88, 89, 90, 91, 92, 185, 186, 189, 190, 592, 593, 594, 605 & 606; and and

Whereas, the result/scoresheet for the examination for the Inspector (FPF), Wildlife Guard, FPF Guard and Field Assistant, Social Forestry Worker was notified vide Notification No. JKSSB-COEOEXAM (UT)/14/2026-03 (7842028), dated: 28.04.2026 and 11.6.2026 respectively;

Whereas, vide Notification No. JKSSB-COEOEXAM(UT)/14/2026-03 (7842028), dated: 29.07.2026, the number of candidates shortlisted for appearing in the PST/PET of the Department of Forest, Ecology & Environment, as approved by the Board in the ratio of six times the total number of vacancies to be filled up in each category and the candidates who fall within the consideration zone have undergone the PST/PET, as per the requirements mentioned in the advertised notification; and

Whereas, the J&K Services Selection Board (JKSSB) conducted the PST/PET of the eligible shortlisted candidates on 07.09.2026 to 08.09.2026 at Srinagar and from 11.09.2026 to 13.09.2026 at Jammu.

Now, therefore, the candidates who have qualified/disqualified and Absentees Physical Standard Test (PST)/Physical Endurance Test (PET) (Walk Test) for the post of Wildlife Guard, Social Forestry Worker, Inspector (FPF), FPF Guard and Field Assistant advertised vide Notification No. 03 of 2021 and 04 of 2022, Item Nos. 84, 85,86,87, 88, 89, 90, 91, 92, 185, 186, 189, 190, 592, 593, 594, 605 & 606 in the Department of Forest, Ecology & Environment is given in Annexure "A, B, C, D, E and F" to this notification.

Further, it is notified that the candidates who have applied for more than one post and whose names have been reflected against only one post in the aforesaid annexures, may submit a written representation regarding clubbing of their candidature in offline mode at the JKSSB offices located at Muthi, Akhnoor Road, Jammu, or Zamzam Complex, Rambagh, Srinagar, within three (03) days from the date of issuance of this notification. No such request in this regard shall be entertained after the stipulated period.

Reyaz Ahmad Malik (JKAS)
Controller of Examinations
J&K Services Selection Board

DIPK-6985/26
Dated: 22/10/2026

JAMMU & KASHMIR ACADEMY OF ART, CULTURE AND LANGUAGES

Lal Mandi , Srinagar/ Canal Road Jammu.

Email: sec-jkaacl@jk.gov.in

NOTICE

J&K WRITERS & ARTISTS WELFARE FUND SCHEME

Applications are invited from eligible Writers and Artists of J&K for financial assistance under the Writers and Artists Welfare Fund Scheme instituted by the J&K Academy of Art, Culture and Languages to support artists and writers in case of death, life threatening disease or permanent disability.

Benefits include:

*** Initial Relief- Rs. 50,000/-**
*** Medical & Health Resettlement assistance -up to 1,50,000/-**
*** Scholarships -Rs. 2,000/- per month for a maximum period of 3 years (10th, 12th & Graduation) - up to 10 Awards yearly**

Eligibility: Minimum 5 years' experience in art/literature; domicile of J&K; No other source of income and falls under EWS, not availing similar Govt. scheme.
Registration fee Rs. 200/-, monthly subscription Rs. 200/-.
Apply for registration within 30 days in the prescribed form available at JKAACL offices, Jammu/Srinagar
For further details contact: 0191-4535277.

Sd/ Secretary
JKAACL

DIPK-NB-1929/26
Dated: 22/10/2026

Government of Jammu & Kashmir

Industrial Training Institute (Budgam)

Skill Development Department

NOTICE

Subject: Publication of Provisional (Tentative) Merit List for Engagement of Guest Faculty (Welder) for the Academic Session 2026- 27- Inviting Objections / Representations thereof.

Reference: 1. Administrative Department Approval Letter No. DSD-GNCD/11/2026-02 (7726198) Dated: 28-08-2026.

2. Directorate of Skill Development J&K Letter No. DSDD-141/2026-10-cc(7912019)/1617-1620 Dated: 31-08-2026.

3. Advertisement Notice No. ITI/Bdg/2026/412-17 Dated: 07-09-2026 published in Kashmir Observer, dt 09/09/2026

Whereas, applications were invited from eligible candidates for engagement as Guest Faculty in Govt. ITI Budgam for the Academic Session 2026 - 27 in response to Advertisement Notice No. ITI/Bdg/2026/412-17 dated 07.09.2026,

Whereas, scrutiny of application forms and evaluation of academic/technical qualification certificates, higher qualifications, professional certifications, post-qualification experience and structured interaction/demonstration scores before the District Level Selection Committee was duly conducted in accordance with the 100-point criteria laid down under Part F of the Jammu & Kashmir Guest Faculty in ITIs Engagement Policy;

Now, therefore, the Provisional (Tentative) Merit List showing the component-wise breakdown of points awarded to the candidate (A to E) is hereby published in public domian for the information of all, concerned candidate/s.

ILLUSTRATIVE MERIT COMPUTATION PROFORMA
Name of candidate :- **Mr. Mohd Yusuf Bhat**
Trade/Discipline applied for:- **Welder**
Institute :- **Govt. ITI Budgam**

S.No	Component	Maximum Points	Basis of Award	Candidate Score/ Marks (Points Awarded)
A	Basic essential qualification as per DGT Norms (marks obtained in the prescribed qualifying examination/trade certificate)	70	Pro-rata basis	51.64
B	Higher relevant qualification (e.g., Ph.D. M.E/M.Tech as relevant to the trade/discipline)	10	Pro-rata basis	0
C	Professional/technical certification - NET/SET/GATE	5	Pro-rata basis	0
D	Relevant full-time teaching/training/field experience in a J&K UT recognized technical or skill institution, post-qualification	5	1 point per completed academic year, pro-rata for part years, capped at 5 points (5 years)	5
E	Structured interaction/demonstration before the Selection Committee, assessed against a predeclared rubric (subject knowledge, communication, practical/demonstration skill), Interview :- Dt 21st October 2026	10	Awarded jointly by the Selection Committee on a signed, predeclared proforma (Annexure); no single member's individual Score	6
Total		**100**		**62.64**

Objection / Grievance Redressal Window:
1. Submission of Objections: Any candidate having any objection or grievance regarding the calculation of merit points, factual entries, or computational discrepancies is hereby given an opportunity to submit a written representation along with supporting documentary evidence to the Office of the Member Secretary / Principal, Govt. ITI Budgam.
2. Timeline: The written objections must be submitted within 03 (three) days from the date of publication of this notice.
3. Important Conditions:
Objections shall be entertained strictly on factual or computational errors.
No objection/representation shall be accepted or entertained after the expiry of the stipulated 03-day window under any circumstances.
Upon disposal of received objections (if any) and obtaining formal approval from the Director, Skill Development J&K, the Final Merit List will be notified, and engagement orders will be issued strictly in order of merit.

Principal
Govt ITI Budgam

DIPK-6964/26
Dated: 22/10/2026

بھارتی بحریہ کا پہلا تربیتی اسکواڈرن مالدیپ پہنچ گیا

نئی دہلی 22 اکتوبر (ایم این این)

بھارتی بحریہ کے پہلے تربیتی اسکواڈرن (1TS) کے جہازوں آئی این ایس تیر، آئی این ایس سجاتا اور بھارتی کوسٹ گارڈ کے جہاز سارتھی، نے اسکواڈرن کی طویل فاصلے کی تربیتی تعیناتی کے حصے کے طور پر 21 اکتوبر 2026 کو مالدیپ کے دارالحکومت مالے کے ساحل کے قریب لنگر انداز ہوئے۔ مالدیپ کی قومی دفاعی فورس (ایم این ڈی ایف) نے اسکواڈرن کا پرتپاک استقبال کیا، جو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط بحری شراکت داری اور قریبی علاقائی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ بندرگاہ پر قیام کے دوران پہلے تربیتی اسکواڈرن کے سینئر افسر نے مالدیپ کی قومی دفاعی فورس (ایم این ڈی ایف) کے چیف آف ڈیفنس فورس اور ایم این ڈی ایف کوسٹ گارڈ کے کمانڈنٹ سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں بھارتی بحریہ اور ایم این ڈی ایف کے درمیان مسلسل رابطہ اور بحری شعبے میں کثیر جہتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پہلے تربیتی اسکواڈرن کے سینئر افسر نے مالدیپ میں بھارت کے ہائی کمشنر جناب جی بالاسبرامنیم سے بھی ملاقات کی۔ تربیتی تعاون کے ایک حصے کے طور پر پہلے تربیتی اسکواڈرن کے زیر تربیت اہلکاروں نے گرین فش تربیتی مرکز کا دورہ کیا۔ دونوں افواج کے درمیان باہمی اخوت اور ایک دوسرے کے تئیں احترام و تفہیم کو فروغ دینے کے لیے اس دورے کے دوران جہازوں کے درمیان باہمی دوروں، کھیلوں کے مقابلوں، سماجی میل جول اور عوامی رابطے کی سرگرمیوں کا بھی منصوبہ بنایا گیا ہے۔ جاری دورہ بھارتی بحریہ اور مالدیپ کی قومی دفاعی فورس (ایم این ڈی ایف) کے درمیان بحری باہمی عملی تعاون کی توثیق کرتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے بحری تعاون کو اجاگر کرتا ہے، جو مہاساگر (خطوں میں سلامتی اور ترقی کے لیے باہمی اور جامع پیش رفت) کے وژن سے ہم آہنگ ہے۔

وزیراعظم مودی کی امت شاہ کو سالگرہ کی مبارک باد

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے جمعرات کو مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کو سالگرہ کی مبارک باد دی۔ وزیراعظم مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پیغام میں لکھا، "وزیر داخلہ امیت شاہ جی کو سالگرہ کی دلی مبارک باد۔ ان کی انتظامی صلاحیتوں نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ ہندوستان کا داخلی سلامتی کا انتظام مزید مؤثر بنے۔" وزیراعظم نے خاص طور پر ماؤ نوازوں کے مسئلے سے نمٹنے اور منشیات کے غلط استعمال پر قابو پانے کے لیے حکومت کی جانب سے کی گئی حکمت عملی پر زور دیا اور ان کوششوں کو ملک کی سلامتی اور سماجی مقاصد کے لیے ضروری قرار دیا۔ انہوں نے کہا، "ماؤ نوازوں کے خطرے کو ختم کرنے اور منشیات سے پاک معاشرے کے ہمارے خواب کو آگے بڑھانے میں حاصل ہونے والی کامیابیاں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔" انہوں نے امیت شاہ کی طویل اور صحت مند زندگی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔

راہول گاندھی سیاست داں کم اور سیاح زیادہ ہیں

زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے ریمارکس

نئی دہلی/ یو این آئی/ زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے جمعرات کو کانگریس لیڈر راہل گاندھی پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ وہ سیاست داں کم اور سیاح زیادہ ہیں۔ مسٹر چوہان ایک پروگرام کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ اس دوران الیکشن کمیشن کے خلاف کل نومبر کو اپوزیشن کے احتجاجی پروگرام سے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے یہ تبصرہ کیا۔ انہوں نے کہا، "راہل گاندھی پارٹ ٹائم سیاست داں اور فل ٹائم سیاح ہیں۔ جب ملک خوشی سے سرشار ہوتا ہے اور دسہرہ جیسے تہوار منا رہا ہوتا ہے تو اس وقت وہ ملک سے باہر چلے جاتے ہیں۔ وہ مسئلے ہیں، حل نہیں۔ ملک کو حل کی ضرورت ہے۔" مرکزی وزیر نے کہا کہ مسٹر گاندھی اور 'اقتدار کی تبدیلی' کے خواہش مند گروہ کو یہ خواب آ رہا ہے کہ وہ ملک میں افراتفری پھیلا کر اقتدار حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "میری ان سے (مسٹر گاندھی سے) اپیل ہے کہ وہ مسئلہ بننے کے بجائے حل بنیں۔ ملک اس واقعے کو کبھی نہیں بھول سکتا جو کہ نومبر (1984) کو پیش آیا تھا، جس دن ملک میں سکھوں کا قتل عام ہوا تھا۔ ایسے دن کانگریس کو ریلی نکالنے کے بجائے معافی مانگنی چاہیے۔"

وزیر خارجہ جے شنکر کی پولینڈ کے وزیر اعظم سے ملاقات، دو طرفہ تعاون پر تبادلہ خیال

نئی دہلی 22 اکتوبر (ایم این این)

ہندوستان کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے جمعرات کو ہندوستان کے دو روزہ دورے پر آئے پولینڈ کے وزیر اعظم ڈونالڈ ٹسک سے ملاقات کی۔ جے شنکر نے مختلف شعبوں میں ہندوستان اور پولینڈ کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے بارے میں ٹسک کے خیالات کی ستائش کی۔ جے شنکر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں کہا، "پولینڈ کے وزیر اعظم ڈونالڈ ٹسک سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی۔ مختلف شعبوں میں ہندوستان اور پولینڈ کے درمیان تعاون کو مزید گہرا کرنے کے بارے میں ان کے خیالات قابل قدر ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ڈونالڈ ٹسک کی ملاقات کے منتظر ہیں، جس سے دونوں ملکوں کی اسٹریٹجک شراکت داری کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ پولینڈ کے وزیر اعظم ڈونالڈ ٹسک بدھ کو وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر نئی دہلی پہنچے تھے۔ وہ 21 سے 23 اکتوبر تک ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں۔ ان کے ساتھ پولینڈ کے وزیر خزانہ و معیشت آندرے ڈوماسکی اور کاروباری شخصیات کا ایک وفد بھی آیا ہے۔ اس دورے کا مقصد ہندوستان اور پولینڈ کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانا اور تجارت، دفاع، ٹیکنالوجی سمیت دیگر شعبوں میں تعاون کو وسعت دینا ہے۔ دورے کے دوران ٹسک نے راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور ڈونالڈ ٹسک جمعرات کو دو طرفہ مذاکرات بھی کریں گے، جس میں دونوں ملکوں کے تعلقات کا جائزہ لینے کے ساتھ علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ٹسک نئی دہلی میں ہندوستان-پولینڈ بزنس فورم میں بھی شرکت کریں گے۔ اس کے بعد 23 اکتوبر کو وہ بنگلورو جائیں گے جہاں اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور خلائی شعبوں سے وابستہ رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ اگست 2024 میں وزیر اعظم نریندر مودی کے پولینڈ دورے کے دوران دونوں ملکوں نے اپنے تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری کا درجہ دیا تھا۔ ڈونالڈ ٹسک کا موجودہ دورہ 2010 کے بعد کسی پولش وزیر اعظم کا ہندوستان کا پہلا دورہ ہے۔ ہندوستان میں پولینڈ کے سابق سفیر ایڈم بوراکوسکی نے اس دورے کی اقتصادی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دونوں ملک سالانہ دو طرفہ تجارت کو تقریباً 6 ارب امریکی ڈالر سے بڑھا کر 10 ارب ڈالر تک پہنچانا چاہتے ہیں۔

بھارتی بحریہ کے تین جہاز مالدیپ پہنچ گئے

سمندری سلامتی اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور

نئی دہلی 22 اکتوبر (ایم این این)

بھارت اور مالدیپ کے درمیان دفاعی تعلقات اور سمندری سلامتی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے بھارتی بحریہ کے تین جہاز تربیتی دورے پر مالدیپ کے دارالحکومت مالے پہنچ گئے ہیں۔ بھارتی بحریہ کے فرسٹ ٹریننگ اسکواڈرن کے دو جہاز آئی این ایس تیر اور آئی این ایس سجاتا کے علاوہ بھارتی کوسٹ گارڈ کا جہاز آئی سی جی ایس سارتھی بھی اس دورے میں شامل ہے۔ مالدیپ میں بھارتی ہائی کمیشن کے مطابق اس دورے کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے درمیان سمندری سلامتی کے شعبے میں تعاون کو مضبوط بنانا اور دفاعی اداروں کے درمیان پیشہ ورانہ روابط کو مزید فروغ دینا ہے۔ دورے کے دوران بھارتی اور مالدیپی اہلکار مشترکہ تربیتی سرگرمیوں اور پیشہ ورانہ تبادلوں میں حصہ لیں گے۔

از نیابت سرکل بچھوارہ تحصیل خانیار سرینگر

مضمون: درخواست منجانب محمد یاسین بٹ ولد مرحوم [illegible] ساکن [illegible] سرینگر برائے حصول لیگل ہیر سرٹیفکیٹ

اشتہار برائے آگاہی ہر خاص و عام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں ایک درخواست online سائل نے برائے اجرائی لیگل ہیر سرٹیفکیٹ پیش کی ہے [illegible] مورخہ 27-02-2001 [illegible]

نام ورثاء	عمر	رشتہ مرحوم	پیشہ	ماہوار آمدنی
رفیقہ	48	زوجہ	خانہ کام	
محمد [illegible] بٹ	29	پسر	پرائیویٹ کام	4000 روپے

[illegible] لہٰذا بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اپنا اعتراض ایک ہفتہ کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں، بعد گزرنے میعاد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ Ra

Sher-e-Kashmir University of Agricultural Sciences & Technology of Kashmir (SKUAST-K)

OFFICE OF THE CONTROLLER OF EXAMINATIONS

Main Campus, Shalimar, Srinagar - 190025

Cell: 0194-2463998 Email: coexam@skuastkashmir.ac.in

Subject: Re-scheduling of University Recruitment Test for the post of Subject Matter Specialist (SMS) in Food Science & Technology / Home Science - regarding...

NOTICE

Consequent upon the representation of candidates with the request for the rescheduling of the University Recruitment Test (URT) for the post/s of Subject Matter Specialist (SMS) in the discipline of FST/Home Science, scheduled on 25th of October, 2026 (Sunday), as the date of examination coincides with the J&K State Eligibility Test (SET)/LASET - 2026 being held on the same date across UT of J&K.

In view of the above and in the interest of the candidates, the University Recruitment Test (URT) for the post/s of Subject Matter Specialist (SMS) in the discipline of FST/Home Science is hereby re-scheduled and shall now be held on 26th of October, 2026 (Monday). The admit cards already issued shall remain valid for the revised/rescheduled date of examination (i.e 26th Oct. 2026, Monday) and there shall be no changes in the venue, roll number allotted, examination timings etc.

Further, there shall be no change in the date of examination for the post/s of drivers and will be held on 25th October, 2026 (Sunday) as notified earlier.

Candidates are advised to check the university website https://www.skuastkashmir.ac.in regularly for any update/s in this regard.

Prof. (Dr.) K. N. Qaiser
Director Education / CoE

DIPK-NB-1927/26
Dated: 22/10/2026

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

JAMMU & KASHMIR SERVICES SELECTION BOARD

Muthi, Akhnoor Raod, Jammu/Zamzam Complex Rambagh Srinagar. www.jkssb.nic.in

NOTIFICATION

Subject: Supplementary Document Verification of candidates falling under consideration zone for the post of Para Medical Assistant, BCG Technician, Barber/Dhobi/Jr. Dhobi and Junior X-Ray Technician, Health and Medical Education Department-regarding.

All such candidates who are falling under consideration zone and were called for Document Verification vide Notification No. NoJKSSB-COEOEXAM(UT)/3/2026 (7909564) dated: 15-09-2026, for the post of Para Medical Assistant, BCG Technician, Barber/Dhobi/Jr. Dhobi and Junior X-Ray Technician, Health and Medical Education Department, advertised vide Advertisement Notification No. 07 of 2025 dated: 22.07.2025 under various Item No's, but could not appear before the Document Verification Committee(s) on 19-10-2026, due to various reasons, are hereby given last and final opportunity to appear before the Document Verification Committee already constituted for the purpose on 27.10.2026 from 11:00 AM to 04:00 PM at JKSSB, Central Office, Muthi, Akhnoor Road, Jammu (Jammu Centre Based Candidates) and JKSSB, Central Office, Zam Zam Complex, Rambagh, Srinagar (Kashmir Centre Based Candidates), failing which no further claims in this regard sh?ll be entertained at any stage.

Reyaz Ahmad Malik) JKAS
Controller of Examinations
J&K Services Selection Board

DIPK-6993/26
Dated: 22/10/2026

آرمی گڈول پبلک اسکول پہلگام

(سی بی ایس ای سے منسلک رہائشی اسکول، لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے، سینئر سیکنڈری سطح تک)
الحاق نمبر: 780021

پوسٹ آفس بٹکوٹ (وایا سیر)، تحصیل پہلگام، ضلع اننت ناگ، جموں و کشمیر 192129

ہمارا مشن: معیاری تعلیم کے ذریعے روشن مستقبل کی تعمیر

تعلیمی سیشن 28-2027

داخلے جاری ہیں: ڈے بورڈرز (لڑکے اور لڑکیاں) اور رہائشی طلبہ (صرف لڑکے)

جماعت VI تا IX اور XI کے لیے؛ جسمانی معذوری رکھنے والے طلبہ بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

نمایاں خصوصیات

- اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ اساتذہ
- جدید ترین بنیادی ڈھانچہ
- پُرامن اور دلکش قدرتی ماحول
- بلا رکاوٹ تعلیم کے لیے موزوں فضا
- جامع اور ہمہ جہت نشوونما پر توجہ
- محفوظ، آرام دہ اور معیاری رہائشی سہولیات
- تعلیمی، کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کا متوازن نظام
- تفریح اور فراغت کے لیے منظم اوقات

داخلے کا طریقہ

داخلہ کامن انٹرنس ٹیسٹ (CET) کے ذریعے درج ذیل مراکز پر ہوگا:

AGS بانڈی پورہ	ضلع پولیس لائن، ڈوڈہ	AGPS پہلگام
AGS ابگام	AGS بارگہ بہادر	AGS عشمقام
AGS بٹکوٹ	AGS کرو	AGS خنہ بل
AGS سوپور	AGS آڑی	AGS اننت ناگ (پانی گراؤنڈ)
HQ 3 Inf Div،HRDC، لیہ لداخ	AGS بلجن	APS سری نگر
AGS بونی یار (بارہمولہ)	AGS وزر	AGS وانن (کپواڑہ)
	AGS مارگلہ	AGPS راجوری

رجسٹریشن و داخلہ امتحان کا فارم ویب سائٹ www.pahalgam.armygoodwillschool.in سے ڈاؤن لوڈ کریں یا متعلقہ امتحانی مرکز سے حاصل کریں۔

- فارم 15 اکتوبر 2026 سے 12 نومبر 2026 تک دستیاب ہوگا۔
- مکمل فارم 12 نومبر 2026 کو صبح 10 بجے تک متعلقہ مرکز میں جمع کرائیں۔
- کامن انٹرنس ٹیسٹ: 15 نومبر 2026 (اتوار)، صبح 10 بجے تا دوپہر 1 بجے۔
- انٹرویو: 01 دسمبر سے 04 دسمبر 2026 تک | مقام: AGPS پہلگام
- نتائج کا اعلان: 26 نومبر 2026؛ ویب سائٹ اور متعلقہ مراکز پر دستیاب ہوں گے۔
- داخلہ کارروائی: 02 دسمبر تا 06 دسمبر 2026۔

سالانہ فیس کا ڈھانچہ

جماعت	VI–VIII	IX–XII	تفصیلات
ڈے بورڈر	روپے 64,400	روپے 69,960	داخلہ، سالانہ اور ٹیوشن فیس شامل
رہائشی	روپے 1,19,733	روپے 1,29,296	داخلہ، سالانہ، ٹیوشن اور ہاسٹل فیس شامل

رابطہ برائے معلومات

آفیسر ان چارج: AGPS : 9306251190
AAG (HQ 1 Sect RR): 9872283184
پرنسپل: 9718083372

ویب سائٹ : www.pahalgam.armygoodwillschool.in
ای میل : agps_pahalgam@yahoo.com
اسکول آفس: 7006116126

دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ

میں نئی تعمیر کا کام شروع

صدقہ جاریہ میں حصہ لینے کا پھر سے موقع

1۔ پہلی منزل بنام عائشہ منزل 2۔ دوسری منزل بنام خدیجۃ الکبریٰ منزل
3۔ تیسری اور چوتھی منزل بنام دارالاقامہ و تعلیمی منزل برائے مہمانانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اپنے لئے، اپنے والدین مرحومین یا عزیز اولادوں کے لئے یا اولیاء کرام و اسلاف کے لئے ایصال ثواب اور صدقہ جاریہ کی نیت سے حصہ حاصل کیجئے۔

شوق رکھنے والے حضرات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ہدیہ ثواب پیش کرنے کے لئے حصہ لے سکتے ہیں۔

Account No:0061010100001532

Darul Uloom Raheemiyaah
IFSC Code :JAK0WULLAR
Current Account
J&K Bank Main branch Bandipora

اس عنوان پر سہولت سے رقم ٹرانسفر کرنے کے لئے اکاؤنٹ نمبر بذیل ہے
رقم جمع کر کے دفتر حسابات کو اسکرین شارٹ فون نمبر: **9419089250** بھیج دیں
تا آپ کو رسید روانہ کردی جائے اور بینک کے ساتھ حساب ملانے میں سہولت ہو۔

نوٹ: تفصیلات اور معلومات لینے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔ **8899101091**

المعلن۔ محمد رحمت اللہ
ناظم دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل نے سڑکوں کی حفاظت کے اقدامات کا جائزہ لیا

گاندربل// ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل نے آج ضلعی سڑک تحفظ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی جس میں گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ضلع بھر میں سڑکوں کی حفاظت کو منظم کرنے اور سڑک حادثات کی روک تھام کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران ضلع ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کیں کہ سڑکوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ٹریفک پولیس کو ہدایت دی کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

اموبلائزر لگانا ضروری ہوگا۔ یہ ایک الیکٹرانک حفاظتی نظام ہے، جسے اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ کوئی بھی غیر مجاز شخص گاڑی اسٹارٹ نہ کر سکے۔ نوٹیفکیشن میں سامنے اور اطراف سے ہونے والے حادثات کے دوران مسافروں کی حفاظت کے لیے مزید حفاظتی ضوابط بھی مقرر کیے گئے ہیں۔ نئے ماڈلز کے لیے اس قانون کے نفاذ کی تاریخ یکم اکتوبر 2027، جبکہ موجودہ ماڈلز کے لیے یکم اکتوبر 2028 مقرر کی گئی ہے۔ ترمیم شدہ "آٹوموٹیو انڈسٹری اسٹینڈرڈ" (اے آئی ایس-098، نظرثانی 1) اور سائیڈ امپیکٹ پروٹیکشن (اے آئی ایس-099، نظرثانی 1) مقررہ نظام الاوقات کے مطابق پرانے معیارات کی جگہ لیں گے۔ وزارت نے ایک اور اہم قدم اٹھاتے ہوئے اے آئی ایس 100- ترمیم 1 کے تحت پیدل چلنے والوں کی حفاظت سے متعلق نئے ضوابط بھی متعارف کرائے ہیں، جو یکم اکتوبر 2028 کے بعد نئے ماڈلز پر لاگو ہوں گے۔ نوٹیفکیشن وزارت سڑک ٹرانسپورٹ و شاہراہوں کے ایڈیشنل سیکرٹری نے جاری کیا ہے۔

بقیہ نمبر 2

گیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور دیگر فورسز کے جوانوں نے اپنی جان کی قیمت پر بھی ملک کی حفاظت کی ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے مزید کہا کہ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے اور ان کے لیے مختلف اسکیمیں شروع کی گئی ہیں۔ استفادہ کنندگان کو پنشن، میڈیکل اور دیگر سہولیات سے متعلق خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جس سے ان کی زندگی آسان ہو سکے گی۔

بقیہ نمبر 3

بڑھنے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ہندوستان اور پولینڈ کے تعلقات گہرے اور مضبوط ہیں، بلکہ دونوں ممالک کے درمیان انسانیت اور ہمدردی کی مشترکہ وراثت بھی موجود ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے دوران جام نگر اور کولہاپور کے شاہی خاندانوں نے پولینڈ کے ہزاروں بچوں اور خاندانوں کو ہندوستان میں پناہ دی تھی۔ پولینڈ کے لوگ آج بھی جام صاحب کو احترام کے ساتھ "ڈوبری مہاراجہ" کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ سال 2022 میں یوکرین سے ہندوستانی طلبہ کی محفوظ واپسی میں پولینڈ نے تعاون کیا تھا۔ آپریشن گنگا کے ذریعے پولینڈ کے تعاون کو ہندوستان کبھی نہیں بھولے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، تعلیم، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولینڈ کے وزیر اعظم نے بھی ہندوستان کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان ایک ابھرتی ہوئی عالمی طاقت ہے اور دونوں ممالک کی اقتصادی ترقی میں بڑا حصہ ہے۔ ہندوستان اور پولینڈ کی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید وسعت دی جائے گی اور دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، اختراع اور اقتصادی تعاون کے نئے مواقع تلاش کریں گے۔

بقیہ نمبر 4

کی شرکت میں اضافہ ہوگا۔ عمر عبداللہ نے کشمیر میراتھن کے پہلے ایڈیشن کی کامیابی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس سال بھی بڑی تعداد میں شرکاء اور کھیلوں کے شائقین کی شرکت کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے جموں و کشمیر کے نوجوانوں کو حوصلہ ملے گا اور کشمیر کی سیاحت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 5

کی گئی۔ گرفتار افراد کا تعلق سوپور کے مختلف علاقوں سے بتایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 6

کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا، "عمر عبداللہ خاندان کا انا، تکبر اور خاندانی راج کی خواہش انتخابات کو دوبارہ انتخابات کی طرف لے جا رہی ہے۔" انہوں نے کہا کہ عوام ان کی پالیسیوں کو سمجھ چکے ہیں اور آنے والے انتخابات میں اس کا جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی حکومت عوام سے کیے گئے وعدے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، پانی، سڑک اور روزگار جیسے بنیادی مسائل حل نہیں ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی عوام کی آواز بن کر ان مسائل کو اٹھاتی رہے گی اور جموں و کشمیر کی ترقی کے لیے کام کرتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 7

کو نقصان پہنچایا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا، "جموں و کشمیر کے عوام نے جس اعتماد کے ساتھ ہمیں منتخب کیا ہے، ہم اس پر پورا اتریں گے۔" انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت اپنے انتخابی منشور پر عمل درآمد کر رہی ہے اور پانچ سال کی مدت میں تمام وعدے پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چودھری نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو تنقید کا حق ہے، مگر انہیں حقائق کو مسخ نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض میڈیا ادارے بھی سیاسی جماعتوں کے اشاروں پر غلط خبریں شائع کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

(ACB) جموں و کشمیر نے مزید کارروائی کے لیے کرائم برانچ اور دیگر ایجنسیوں کو معاملہ سونپا ہے۔ مقدمے کی تحقیقات جاری ہے۔ 13 فروری 2025 کو جموں و کشمیر اسٹیٹ بینک کی ملازمت سے برطرف کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 9

جیکٹ منصوبہ ہے، ہم جانتے ہیں کہ ہمارے "سیم بانک" کی اہمیت اور مقبولیت بالکل ویسی ہی ہے جیسی ہمارے ڈل لیک کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ کشمیر کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چنار کے درخت ہماری شناخت ہیں اور ان کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات، باغات اور جنگو (Ginkgo) جیسے درخت کشمیر کے موسم خزاں کے رنگین مناظر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 10

میں کشمیر کے سیاحتی مقامات کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ خطے میں امن اور معمول کے حالات بحال رہیں گے۔

بقیہ نمبر 11

کیلئے عبدالرشید گنائی کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ اس موقع پر یوسف ڈار اور عبدالرشید گنائی نے کہا کہ وہ بس (BUS) اور ٹرانسپورٹ سروس کے معاملے کو متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا، "جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا، ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔" اس موقع پر عبدالرشید گنائی نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ان کی پارٹی ہمیشہ کوشاں رہی ہے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

اور بنیادی ڈھانچہ، نوجوانوں کی بااختیاری، خوراک و شہری رسدات، بجلی اور دیہی ترقی سمیت اہم شعبوں کا احاطہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے ضلع میں انڈسٹریل اسٹیٹس کی ترقی کو تیز کرنے اور سماجی بہبود کی امداد کی فراہمی کو آسان بنانے کی ہدایات جاری کیں تاکہ اہل مستحقین کو ان کے حقوق بلا تاخیر مل سکیں۔ انہوں نے نوجوانوں کی انٹرپرینیورشپ کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بینکنگ اداروں کو ہدایت دی کہ وہ 'مشن یووا' کے تحت رقوم کی ادائیگیوں کو آسان اور تیز کریں تاکہ نوجوان کاروباری اپنے ادارے قائم کر سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے ضلع کیپکس بجٹ 2026-27، مرکزی معاونت والی اسکیموں اور ریاستوں کو سرمایہ کاری کے لیے خصوصی امداد (ایس اے ایس سی آئی) کے تحت پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے طبعی اور مالی پیش رفت کو بہتر بنانے کے لیے باقاعدگی سے چیدہ روزہ نگرانی پر زور دیا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ مختص فنڈز کا بروقت استعمال یقینی بنایا جائے اور کسی بھی فنڈ کو لیپس ہونے سے بچایا جائے۔ دورے کے دوران انہوں نے ضلع میں بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور شہری سہولیات کو بہتر بنانے کے مقصد سے 52 کروڑ روپے مالیت کے عوامی منصوبوں کا افتتاح کیا اور نئے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ افتتاح کیے گئے اہم منصوبوں میں جل جیون مشن کے تحت سنتھان (6.29 کروڑ روپے)، شول سرسوتہ (5.66 کروڑ روپے) اور چوٹی پورہ باغوان پورہ (5.08 کروڑ روپے) کی واٹر سپلائی اسکیمیں شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے آشاجی پورہ-ددوانی پاوا سڑک کی اپ گریڈیشن (3.61 کروڑ روپے) اور میر کنڈی واڑہ میں نالہ برینگی پر سنگل گرڈر پل (3.18 کروڑ روپے) کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ جائزہ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری؛ وزرا جاوید احمد رانا، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما؛ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، اراکین قانون ساز اسمبلی پیرزادہ محمد سعید، ڈی اے میر، الطاف احمد وانی، عبدالمجید بٹ، ظفر علی کھٹانہ اور ریاض احمد خان؛ وزیر اعلیٰ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری دھیرج گپتا، ضلع ترقیاتی کمشنر اننت ناگ بلال محی الدین، محکموں کے سربراہان اور ضلعی افسران نے شرکت کی۔ ضلع ترقیاتی کمشنر بلال محی الدین نے ضلع کی ترقیاتی پیش رفت اور جاری کاموں کی صورتحال کا جائزہ پیش کیا۔

102

یقینی بنائیں۔ انہوں نے ایک ہموار، شفاف اور موثر پالیسی کو ممکن بنانے کے لیے محکمہ جاتی ہم آہنگی اور جوابدہی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ میٹنگ میں اے سی آر شکور احمد، جنرل مینیجر ڈی آئی سی شرینل ناتھ، چیف ایگریکلچر آفیسر، چیف ہارٹیکلچر آفیسر، ایگزیکٹو انجینئرز، تحصیلداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

103

کے رکن پارلیمان میاں الطاف احمد، سینئر لیڈر و وزیر بکشی، ایم ایل اے اننت ناگ ایڈووکیٹ عبدالمجید لارمی، ایم ایل اے دیوسر پیرزادہ فیروز احمد شاہ نے بھی مبارکباد پیش کی ہے۔ ادھر پارٹی ترجمان اور انچارج کانسٹی ٹیونسی کوکرناگ عمران نبی ڈار نے ستانی صاحب پر مبارکباد پیش کی ہے اور انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ ایام عرس کے دوران زائرین کیلئے خاطر خواہ انتظامات میسر رکھے جائیں۔

104

شامل تھے۔ ان کے علاوہ کشمیر کے عظیم ریشی صوفی ورثے سے وابستہ دیگر اہل علم اور عقیدت مند بھی موجود تھے۔ معروف ادیب عنایت گل نے تقریب کی نظامت کی اور خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے شیخ العالمؒ کی حیات اور پیغام کو انگریزی زبان میں قلمبند کرنے پر مصنف کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی ادبی کاوشوں میں کشمیر کے گہرے روحانی اور ثقافتی ورثے کو عالمی سطح پر وسیع تر قارئین تک پہنچانے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا، "ہمیں اپنی روحانی عظمت کی داستان دنیا تک پہنچانی ہے۔ کشمیر میں ریشی صوفی فکر، روحانی بصیرت، ہمدردی اور عالمگیر انسانی اقدار کی ایک عظیم روایت موجود ہے۔ شیخ العالمؒ کی زندگی اور تعلیمات اس ورثے کی بہترین روایات کی عکاسی کرتی ہیں۔ اس عظیم ورثے کو محفوظ رکھنا، دستاویزی شکل دینا اور آنے والی نسلوں تک پہنچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔" ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ شیخ العالمؒ کی تعلیمات جغرافیائی، سماجی اور مسلکی حدود سے بالاتر ہیں اور آج کی دنیا میں بھی ان کی اہمیت برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ روحانیت، عاجزی، ہمدردی، انسانی وقار، ہم آہنگی اور خالق کائنات سے وابستگی پر شیخ العالمؒ کا خصوصی زور معاشرے کے لیے، بالخصوص نوجوان نسل کے لیے، اہم رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر کے روحانی ورثے کو انگریزی جیسی زبانوں میں ترجمہ کرنا اور اسے دستاویزی شکل دینا اس خطے کی مقامی علمی اور روحانی روایات کے بارے میں جموں و کشمیر سے باہر بھی وسیع تر آگاہی پیدا کرنے کے لیے ضروری ہے۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا، "ہمارے اولیائے کرام اور روحانی پیشواؤں نے ہمیں امن، رواداری، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا ایک عالمگیر پیغام دیا ہے۔ ان کی خدمات صرف ہماری مقامی یادداشت تک محدود نہیں رہنی چاہئیں، بلکہ یہ دنیا بھر کے قارئین، محققین اور متلاشیانِ حق تک پہنچنی چاہئیں۔" ڈاکٹر اندرابی نے بابا غلام نبی انوَر کو کتاب "ابو الحل آلائٹ" کی اشاعت پر مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ یہ کتاب کشمیر کی عظیم ریشی صوفی شخصیات کی زندگیوں اور خدمات پر مزید تحقیق اور ادبی کاوشوں کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

105

موقع پر جاری تعمیراتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے، طے شدہ وقت کی پابندی کرنے اور مکمل ہونے والی عمارتوں کو متعلقہ محکمہ صحت کے حکام کے حوالے کر کے انہیں جلد فعال بنانے پر خصوصی زور دیا گیا۔ جائزے میں 16 کریٹیکل کیئر بلاکس، 20 ڈسٹرکٹ انٹیگریٹڈ پبلک ہیلتھ لیبارٹریز (ڈی آئی پی ایچ ایل)، 287 بلاک پبلک ہیلتھ یونٹس (بی پی ایچ یو)، چھ بستروں پر مشتمل 80 پری فیبریکیٹڈ طبی مراکز اور 20 بستروں پر مشتمل 12 پری فیبریکیٹڈ طبی مراکز کے منصوبے شامل تھے۔ جموں و کشمیر میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے مشن ڈائریکٹر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ ہر منصوبے کی پیش رفت پر قریبی نظر رکھی جائے، کام میں حائل رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے اور تمام منصوبوں کی تکمیل دسمبر 2026 کی مقررہ مدت تک یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقین کے درمیان موثر تال میل برقرار رکھنے پر بھی زور دیا تاکہ تعمیراتی کام معیاری انداز میں اور وقت پر مکمل ہو سکیں۔ اس کے علاوہ مکمل ہونے والی عمارتوں کو متعلقہ حکام کے حوالے کرنے کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت بھی دی گئی۔ مشن ڈائریکٹر نے کہا کہ ان طبی سہولیات کی بروقت تکمیل اور انہیں فعال بنانے سے جموں و کشمیر میں عوام کو قابل رسائی، معیاری اور ہنگامی طبی خدمات فراہم کرنے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ جائزہ اجلاس کے سلسلے میں مشن ڈائریکٹر نے جموں کے سی ڈی اسپتال میں 100 بستروں پر مشتمل طبی مرکز کا دورہ بھی کیا۔ اس دوران انہوں نے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے کاموں کا جائزہ لیا اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ اس جائزے کے ذریعے پی ایم-اے بی ایچ آئی ایم اور ای سی آر پی کے تحت منصوبوں کو بروقت مکمل کر کے جموں و کشمیر میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ان اقدامات کا مقصد طبی ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری بہتر بنانا، انتہائی نگہداشت کی سہولیات میں اضافہ کرنا اور پورے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں صحت عامہ کی خدمات کو مزید موثر بنانا ہے۔

106

ڈویژنل کمشنر نے سری نگر کے نور باغ میں قائم 60 ایم ایل ڈی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ (ایس ٹی پی) کے مختلف اجزاء کا جائزہ لیا اور پلانٹ کی تکمیل اور اسے باضابطہ طور پر فعال بنانے کے لیے باقی ماندہ کاموں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اہم کاموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا، جن میں دریا کے متاثرہ کنارے کے قریب نور باغ آوٹ فال پر بائنڈ روک گیٹ کی تنصیب، آوٹ فال پمپنگ اسٹیشن اور ان فال پمپنگ اسٹیشن میں ٹرانسفارمروں کی از سر نو ترتیب، 60 ایم ایل ڈی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ میں رساؤ کو بند کرنا اور ٹریٹمنٹ پلانٹ کے تمام انجی نیئروں اور ایریٹروں کی مرمت و تجدید شامل ہیں۔ ڈویژنل کمشنر نے این پی سی سی کو ہدایت دی کہ تمام زیر التوا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کیے جائیں اور اس کے بعد منصوبہ باضابطہ طور پر اربن فلڈ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے حوالے کیا جائے۔ انہوں نے یو ای ڈی کے ایگزیکٹو انجینئر کو مزید ہدایت دی کہ وہ کام کی پیش رفت پر قریبی نظر رکھے، متعلقہ محکموں کے درمیان موثر تال میل یقینی بنائے اور مقررہ مدت کے اندر باقی ماندہ کاموں کی تکمیل میں تیزی لانے کے لیے ہفتے میں دو مرتبہ جائے مقام کا دورہ کریں۔

107

ابھرتی ہوئی شکلوں کے بارے میں جانکاری فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ذاتی اور مالی معلومات کے تحفظ پر زور دیا گیا اور نامعلوم افراد کے ساتھ او ٹی پی، پاس ورڈ، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور دیگر خفیہ معلومات شیئر نہ کرنے کی تلقین کی گئی۔ شرکاء کو ڈیجیٹل پلیٹ فارم استعمال کرتے وقت محتاط رہنے، مشتبہ فون کالز، پیغامات یا لنکس پر ردعمل ظاہر کرنے سے پہلے احتیاط برتنے اور سائبر جرائم یا مالی دھوکہ دہی کے کسی بھی واقعے کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دینے کا مشورہ بھی دیا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر شرکاء سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے اہل خانہ، پڑوسیوں اور متعلقہ برادریوں کے درمیان سائبر تحفظ کے بارے میں بیداری پھیلائیں۔ جموں و کشمیر پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ مسلسل عوامی بیداری اور برادری کی شمولیت کے ذریعے شہریوں کو سائبر جرائم کے بدلتے ہوئے خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ پولیس کے مطابق، اس طرح کے پروگرام ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے محتاط اور ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینے، عوام میں چوکسی پیدا کرنے اور ایک محفوظ سائبر ماحول قائم کرنے کے لیے اجتماعی کوششوں کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

108

دی کہ وہ کام کی رفتار تیز کریں اور کسی بھی قسم کی غیر ضروری تاخیر کو روکنے کے لئے سخت نگرانی کو یقینی بنائیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام نے انجینئرنگ محکمے کو جاری منصوبوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت دی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیا تعمیر شدہ بنیادی ڈھانچہ، پورے ضلع کولگام میں تمام ہدف شدہ بستیوں تک پینے کا صاف پانی پہنچانے کے اپنے مقصد کو موثر طریقے سے پورا کر سکے۔ معائنے کے دوران ایگزیکٹو انجینئر پی ایچ ای ڈویژن کولگام، پروجیکٹ منیجر ڈی پی ایم یو کولگام، دمحال اور کولگام کے اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئران (اے ای ای)، اے ای ای پی ایچ ای مکینیکل اور متعلقہ حلقوں کے جونیئر انجینئران موجود تھے۔

109

خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری مسٹر اٹل ڈولو نے حکومت کے جامع ترقی، سماجی انصاف اور کمیونٹی بااختیار بنانے کے غیر متزلزل عزم کی دوبارہ تصدیق کی۔ انہوں نے زور دیا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقہ (یوٹی) انتظامیہ تمام اہل اور مستحق مستفیدین، بالخصوص معاشرے کے پسماندہ اور محروم طبقات سے تعلق رکھنے والوں میں فلاحی اسکیموں کے فوائد کو مکمل طور پر پہنچانے کیلئے پرعزم ہے۔ مزید برآں چیف سیکرٹری نے جموں و کشمیر میں مختلف مستفید گروپوں کے آبادیاتی پروفائل، ان کی ترقی کیلئے دستیاب فلاحی اقدامات اور ان کے حقوق کے تحفظ اور مظالم، امتیاز اور ہراساں کرنے سے روکنے کیلئے قائم کردہ قانونی، ادارہ جاتی اور دیگر لیٹری حفاظتی تدابیر پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ان مداخلتوں کے فوائد ہر اہل مستفید تک پہنچانے کے لئے مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔

110

بیماریوں اور پنچایت سیکریٹریوں کی عدم دستیابی کا معاملہ بھی اٹھایا گیا، جس پر اسسٹنٹ کمشنر ریونیو اور اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ کو ہدایت دی گئی کہ ہفتے میں کم از کم دو دن متعلقہ علاقوں میں فیلڈ عملے کی موجودگی یقینی بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ڈیوٹی روسٹر تیار کیا جائے۔ صحت کی سہولیات میں خامیوں کا معاملہ بھی نمایاں طور پر سامنے آیا۔ لوگوں نے تکنیکی عملے کی کمی، غیر فعال آلات، ڈینٹل سرجن کی عدم موجودگی اور مقامی ڈسپنسری میں ایکس رے ٹیکنیشن کی ضرورت کی نشاندہی کی۔ متعلقہ بلاک میڈیکل آفیسر کو ہدایت دی گئی کہ ایسا ڈیوٹی روسٹر تیار کر کے نافذ کیا جائے جس کے تحت تکنیکی عملہ ہفتے میں کم از کم دو دن طبی مرکز میں دستیاب رہے۔ اس کے علاوہ ضروری عملے کی کمی کو جلد دور کرنے کے لیے بھی اقدامات کرنے کو کہا گیا۔ گلشن پورہ کے پرائمری ہیلتھ سینٹر سے متعلق مسائل بھی اٹھائے گئے، جہاں ٹینک اور پائپ لائنیں نصب ہونے کے باوجود پانی دستیاب نہیں ہے۔ بلاک میڈیکل آفیسر ترال کو ہدایت دی گئی کہ مرکز کا دورہ کر کے پینے کے پانی کی فوری فراہمی یقینی بنائیں۔ انہیں یہ بھی کہا گیا کہ قبائلی بستیوں میں ایسی حاملہ خواتین کی نشاندہی کی جائے جن کی متوقع تاریخ ولادت قریب ہے اور ضرورت پڑنے پر انہیں بروقت ضلع ہیڈکوارٹر منتقل کرنے کا انتظام کیا جائے تاکہ ہنگامی حالات سے بچا جا سکے۔ مختلف علاقوں کے لوگوں نے پینے کے پانی کی قلت، خراب پائپ لائنوں اور غیر فعال فلٹریشن پلانٹس کی شکایات پیش کیں۔ محکمہ جل شکتی کے ایگزیکٹو انجینئر کو ہدایت دی گئی کہ متاثرہ آبی سپلائی اسکیموں کا معائنہ کر کے پانی کی فراہمی بحال کرنے کے لیے ضروری اقدامات کریں۔ پانی کی قلت سے متاثرہ گوجر بستیوں میں بورویل کی سہولیات کے امکانات کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت دی گئی۔ کھلے مقامات پر کچرا پھینکنے اور کوڑا کرکٹ جمع کرنے کے مناسب انتظامات نہ ہونے پر بھی تشویش ظاہر کی گئی۔

111

تیزی لا کر لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں۔ پردیسی نے کہا کہ عمر عبداللہ حکومت اس بات کی پابند ہے کہ عوامی مفاد سے وابستہ ہر ترقیاتی منصوبے کو بلا تاخیر شروع کیا جائے اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے، تاکہ لوگوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ روزمرہ عوامی شکایات کا ازالہ حکمرانی کا ایک اہم جزو ہے، تاہم حکومت جموں و کشمیر بھر میں شہری بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنا کر طویل مدتی ترقی کی مضبوط بنیاد بھی استوار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر و میکڈمائزیشن، گلی کوچوں کی تجدید و مرمت، نکاسی آب کے نظام کو مستحکم بنانے، پانی جمع ہونے کے مسائل پر قابو پانے، بچوں کی تفریح، کھیل کے میدانوں اور عوامی پارکوں کی ترقی، کمیونٹی ہالوں کی تعمیر و تجدید، تعلیمی بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور پینے کے صاف پانی کی سہولیات سے محروم علاقوں تک محفوظ پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے وسیع پیمانے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے تاکہ شفافیت، تعمیراتی معیار اور مقررہ وقت پر تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس سلسلے میں انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ عوام کی امنگوں اور جائز مسائل کے تئیں حساس اور جوابدہ رویہ اختیار کرے۔ اس موقع پر خواتین کا ایک وفد بھی احسان پردیسی سے ملاقی ہوا، جس کی قیادت نیشنل کانفرنس خواتین ونگ صوبائی صدر انجینئر صبیہ قادری کر رہی تھیں۔ انہوں نے حلقہ انتخاب میں خواتین کے مسائل و مشکلات اور مطالبات سے ایم ایل اے موصوف کے سامنے اجاگر کیے۔ پردیسی نے انہیں یقین دہانی کرائی کہ ان کے مطالبات متعلقہ فورموں کے سامنے اٹھائے جائیں گے۔

112

دینے کی حوصلہ افزائی کرنے پر زور دیا۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے محکمہ صحت کو ہدایت دی کہ نشے سے متاثرہ افراد کے لیے ابتدائی جانچ، مشاورت، علاج اور بحالی کی سہولیات کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ انہوں نے مناسب طبی امداد، پیشہ ورانہ مشاورت اور مسلسل نگرانی کے نظام کی اہمیت پر زور دیا تاکہ متاثرہ افراد صحت یاب ہو سکیں اور دوبارہ نشے کی طرف جانے کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے نشے کے علاج سے وابستہ سماجی بدنامی اور منفی رویوں کو کم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ متاثرہ افراد اور ان کے اہل خانہ کسی ہچکچاہٹ کے بغیر علاج اور مدد حاصل کر سکیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے منشیات سے متعلق مقدمات کی قریبی نگرانی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں و استغاثہ کے درمیان موثر تال میل برقرار رکھنے پر زور دیا تاکہ تحقیقات اور قانونی کارروائی مقررہ وقت میں مکمل کی جا سکے۔ انہوں نے مختلف محکموں کے درمیان معلومات کے باقاعدہ تبادلے اور فیلڈ سے موصول ہونے والی اطلاعات پر بروقت کارروائی کی ہدایت بھی دی۔ عوامی شراکت داری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے مقامی نمائندوں، سماجی تنظیموں اور دیگر متعلقہ فریقین سے اپیل کی کہ وہ بیداری اور منشیات کی روک تھام کی سرگرمیوں میں فعال کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ خاندانوں، تعلیمی اداروں اور سماجی تنظیموں کا اہم فرض ہے کہ وہ نشے کی ابتدائی علامات کی نشاندہی کریں اور خطرے سے دوچار افراد کو مناسب مدد اور علاج کی جانب رہنمائی فراہم کریں۔ میٹنگ میں محکمہ زراعت اور محکمہ جنگلات سمیت دیگر متعلقہ اداروں کی مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا تاکہ منشیات میں استعمال ہونے والے پودوں کی غیر قانونی کاشت کی نشاندہی کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکے۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ چوکس رہیں اور اپنے اپنے دائرہ اختیار میں زمینی سطح پر نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنائیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ باہمی تال میل برقرار رکھیں، منشیات مخالف اقدامات پر عمل درآمد کی باقاعدگی سے نگرانی کریں اور ایسے معاملات پر بروقت کارروائی کریں جن کے لیے مختلف محکموں کی مشترکہ مداخلت ضروری ہو۔ میٹنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گاندربل، اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ، سب ڈویژنل مجسٹریٹ کنگن، نارکوٹکس کنٹرول بیورو سری نگر کے زونل ڈائریکٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ اینڈ کونسلنگ گاندربل، چیف میڈیکل افسر، چیف ایجوکیشن افسر، چیف ایگریکلچر افسر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ضلع اسپتال گاندربل، ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس افسر، ڈپٹی ڈائریکٹر پراسیکیوشن، ڈسٹرکٹ ڈرگ انسپکٹر، سینئر پراسیکیوشن افسر، ضلع سماجی بہبود افسر، ضلع جنگلات افسر، اسسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ افسر گاندربل، ضلع کے تمام تحصیلداروں اور بلاک ڈیولپمنٹ افسران، محکمہ ایکسائز کے اہلکاروں، انٹیلی جنس بیورو کے نمائندے، ایگزیکٹو افسر میونسپل کمیٹی گاندربل، سیلز ٹیکس افسر، ڈسٹرکٹ منیجر این آر ایل ایم اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

113

، اور باغبانی کی منصوبہ بندی اور مارکیٹنگ کے محکموں کی طرف سے لاگو کی جانے والی اسکیموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ ایچ اے ڈی پی، جے کے سی آئی پی اور دیگر روزگار پر مبنی اسکیموں کے تحت اہداف کے حصول کے لیے قریبی تال میل سے کام کریں۔ انہوں نے اہل کسانوں اور استفادہ کنندگان کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا کہ وہ خود کو ان پروگراموں کے فوائد سے مستفید کریں۔ افسران کو مشورہ دیا گیا کہ وہ اسکیم کے رہنما خطوط کا اچھی طرح سے جائزہ لیں، کسانوں اور اہل استفادہ کنندگان میں بیداری کو مضبوط کریں اور تمام تفویض کردہ سرگرمیوں کے بروقت نفاذ کو یقینی بنائیں۔ میٹنگ میں جوابدہی، باقاعدہ پیش رفت کا جائزہ لینے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مربوط کوششوں پر زور دیا گیا کہ سرکاری اسکیموں کے فوائد اہل کسانوں اور دیگر مستفیدین تک پہنچیں۔ دیگر کے علاوہ میٹنگ میں جنرل منیجر ڈی آئی سی، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو، بڈگام، چیف ایگریکلچر آفیسر، بڈگام، چیف انیمل ہسبنڈری آفیسر، چیف ہارٹیکلچر آفیسر، ڈسٹرکٹ شیپ ہسبنڈری آفیسر، ڈسٹرکٹ سیری کلچر آفیسر، اے ایم او، ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر این اے ڈی اے آر ڈی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، فشریز، اسسٹنٹ رجسٹرار، ڈسٹرکٹ کوآپریشن، ڈسٹرکٹ کوآپ منیجر، اور پروفیسر اور سربراہ، کرشی وگیان کیندر (KVK)، بڈگام۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

ہندوستان نے نیوزی لینڈ کو چار وکٹ سے شکست دے دی

کرائسٹ چرچ، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) سنجو سیمسن (۹۸)، کپتان شریس ایر (۳۳) اور شمن دوبیر (ناٹ آؤٹ ۳۳) کی شاندار بلے بازی کی بدولت ہندوستان نے پہلے ٹی-۲۰ میچ میں نیوزی لینڈ کو دو گیند باقی رہتے چار وکٹ سے شکست دے دی۔ اس جیت کے ساتھ ہندوستان نے پانچ میچوں کی سیریز میں ۱-۰ کی برتری حاصل کرلی۔ ۲۳۹ رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہندوستان نے سنجو سیمسن اور ابھیشیک شرما کی تیز شروعات کی بدولت ۵ء۵ اوور میں ۹۳ رنز جوڑے۔ ابھیشیک نے ۱۲ گیندوں پر ۲۹ رنز بنائے، جبکہ سیمسن نے ۴۳ گیندوں پر آٹھ چوکے اور چھ چھکوں کی مدد سے ۶۷ رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ تلک ورما (۲)، ایشان کشن (۱) اور اکشر پٹیل (۴۴) کے بعد شریس ایر ۳۲ رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ ہندوستان نے ۱۹ء۴ اوور میں چھ وکٹ پر ۲۳۰ رنز بناکر میچ جیت لیا۔ شمن دوبیر نے ۱۵ گیندوں پر پانچ چوکے اور دو چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ ۳۲ رنز بنائے اور چھکا لگا کر ٹیم کو فتح دلائی۔ جبکہ نتیش کمار ریڈی دو رنز پر ناٹ آؤٹ رہے۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے مائیکل بریسویل اور مچل سینٹنر نے دو دو جبکہ لوکی فرگوسن اور ایڈم ملنے نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل گلین فلپس (ناٹ آؤٹ ۸۲) اور فن ایلن (۳۵) کی شاندار اننگز کی بدولت نیوزی لینڈ نے ۲۰ اوور میں چار وکٹ پر ۲۳۵ رنز بنائے، جو اس کا ٹی-۲۰ میں سب سے بڑا اسکور ہے۔ ہندوستان کی جانب سے ارشدیپ سنگھ، مینک یادو اور اکشر پٹیل نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ اس سے پہلے گلین فلپس کی ناٹ آؤٹ ۸۲ رنز کی شاندار اننگز اور فن ایلن کے ۳۵ رنز کی بدولت نیوزی لینڈ نے پہلے ٹی-۲۰ میچ میں ہندوستان کو جیت کے لیے ۲۳۶ رنز کا ہدف دیا۔ اس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے والی ہندوستانی ٹیم کے خلاف نیوزی لینڈ نے ٹم سیفرٹ اور فن ایلن کی اوپننگ جوڑی کے ۴۹ رنز کی شراکت سے اچھی شروعات کی۔ مینک یادو نے سیفرٹ (۲۳) کو آؤٹ کرکے پہلی کامیابی دلائی، جبکہ اکشر پٹیل نے فن ایلن کو ۳۵ رنز پر پویلین بھیجا۔ اس کے بعد ارشدیپ سنگھ نے ڈیرل مچل (۲۸) اور ییون جیکبز (۳۱) کو آؤٹ کیا۔

سہاس یتراج نے کانسے کا تمغہ جیتا

آئیچی-ناگویا (جاپان)، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی کھلاڑی سہاس لالنا کیرے یتراج نے جمعرات کو ایشیائی پیرا گیمز ۲۰۲۶ میں بیڈمنٹن کے مردوں کے سنگلز ایس ایل ۴ مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ آج یہاں سیمی فائنل میں سہاس لالنا کیرے یتراج کو مردوں کے سنگلز ایس ایل ۴ مقابلے میں انڈونیشیا کے فریدی سیتیاوان کے خلاف ایک سنسنی خیز مقابلے میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پہلا گیم کافی سخت رہا جس میں سہاس کو ۲۱-۲۳ سے شکست ہوئی۔ دوسرے گیم میں سہاس نے شاندار واپسی کرتے ہوئے ۲۱-۸ سے جیت حاصل کی اور مقابلے کو فیصلہ کن گیم تک پہنچا دیا۔ تیسرا گیم ابتدا میں کافی برابر رہا، لیکن اس کے بعد سیتیاوان نے اپنی حکمت عملی بدلی اور برتری حاصل کرتے ہوئے مقابلہ اپنے نام کرلیا۔ مقابلے کا آخری اسکور ۲۱-۲۳، ۲۱-۸ اور ۲۱-۱۵ رہا۔ ہندوستانی رولر اسکیٹنگ ٹیم نے پیرا گیمز کے دارالحکومت اموسیوان میں منعقدہ رولر اسکیٹ گیمز میں دو طلائی، تین چاندی اور دو کانسے سمیت سات تمغے جیت کر تاریخ رقم کی۔ پیرا گیمز سے تمغے جیت کر لوٹے والے کھلاڑیوں اور ٹیم عہدیداروں کا آج یہاں استقبال کیا گیا۔ رولر اسکیٹنگ فیڈریشن آف انڈیا کے صدر تلسی رام اگروال نے کھلاڑیوں کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی اسپیڈ رولر اسکیٹرز نے پہلی بار دو طلائی، تین چاندی اور دو کانسے سمیت سات تمغے جیت کر تاریخ رقم کی ہے، اس لیے وہ پرتپاک استقبال اور جشن کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اس کھیل میں تیزی سے ابھرتا ہوا ملک ہے اور یہ خوشی کی بات ہے کہ ہندوستان ۲۰۲۷ میں ۱۴ویں ایشین چیمپئن شپ کی میزبانی کرے گا۔

ہندوستان 80 تمغوں کے ساتھ چھٹے مقام پر

آئیچی-ناگویا (جاپان)، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) ایشین پیرا گیمز میں ہندوستان نے ایک اور شاندار دن گزارا۔ انجا لین بھریا نے خواتین کی ۴۰۰ میٹر ٹی-۴۷ میں طلائی اور ہم وطن تیتق بھرا نے چاندی کا تمغہ جیت کر ہندوستان کو پہلے دو مقامات دلائے، جبکہ تیجل بین ڈامور نے خواتین کی ۴۰۰ میٹر ٹی-۱ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ سولنی راج وشرم راج نے مردوں کی لانگ جمپ میں ۵۱ء۷ میٹر کے ایشیائی ریکارڈ کے ساتھ مسلسل دوسرا طلائی تمغہ جیتا۔ شیتل دیوی نے خواتین کے کمپاؤنڈ انفرادی اور توسن کمار کے ساتھ کمبائنڈ ٹیم مقابلے میں طلائی تمغے جیتے، جبکہ سورما راج نے خواتین کے ڈسکس ایف-۵۷ میں کامیابی حاصل کی۔ ہندوستانی پیرا ایتھلیٹس نے ایتھلیٹکس، تیراکی، تیر اندازی اور بیڈمنٹن میں تمغوں کی تعداد میں اضافہ جاری رکھا۔ دلیپ گاویت نے مردوں کی ۴۰۰ میٹر ٹی-۴۷ میں طلائی تمغہ جیتا، جبکہ ان کے ہم وطن بھاوک کمار بھرواڑ کو فائنل سے نااہل قرار دے دیا گیا۔ روی کارتک بلیگینا نے مردوں کی ۲۰۰ میٹر ٹی-۱۳ میں کانسہ حاصل کیا۔ پیرا بیڈمنٹن میں سکینتی مرد گیشن اور تیجل کمار کمبائنڈ ڈبلز ایس ایل-۳-ایس یو-۵ کے فائنل میں پہنچ گئے، جبکہ نوین شیم کمار نے مردوں کے سنگلز ایس ایل-۴ کے فائنل میں جگہ بنائی۔ پرمود بھگت نے بھی تین گیم کے سنسنی خیز مقابلے میں کامیابی حاصل کرکے مردوں کے سنگلز فائنل میں جگہ پکی کرلی۔ ہندوستان نے دن کا اختتام ۳۰ طلائی، ۲۵ چاندی اور ۲۷ کانسہ سمیت مجموعی طور پر ۸۰ تمغوں کے ساتھ کیا اور مجموعی درجہ بندی میں چھٹے مقام پر رہا۔

بنگلہ دیش کو باہر کرکے افغانستان سہ فریقی سیریز کے فائنل میں

شارجہ، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) راشد خان (۳ وکٹ)، یاسین احمدزئی اور عظمت اللہ عمرزئی (۲-۲ وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد کپتان رحمت شاہ (ناٹ آؤٹ ۹۶) اور حشمت اللہ شاہدی (ناٹ آؤٹ ۳۹) کی عمدہ بلے بازی کی بدولت افغانستان نے بنگلہ دیش کو ۷ وکٹ سے شکست دے کر ایک روزہ سہ فریقی سیریز کے فائنل میں جگہ بنالی۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے اتری بنگلہ دیش کی ٹیم کی شروعات انتہائی خراب رہی۔ یاسین احمدزئی نے اپنے پہلے ہی اوور میں مسلسل گیندوں پر تنزید حسن تمیم اور سومیا سرکار کو آؤٹ کرکے بنگلہ دیش کو ابتدائی جھٹکے دیے۔ اس کے بعد عظمت اللہ عمرزئی نے نجم الحسن شانتو اور توحید ہردوئے کو پویلین بھیج دیا جس سے ۷ اوور کے اندر ہی بنگلہ دیش کا اسکور ۴ وکٹ پر ۲۸ رن ہوگیا۔ اس کے بعد پانچویں وکٹ کے لیے پرویز حسین ایمون اور سیف حسن نے ۹۳ رن کی شراکت داری کرکے اننگز کو کسی حد تک سنبھالا۔ تاہم، محمد نبی نے سیف حسن (۳۱ رن) کو آؤٹ کرکے اس شراکت داری کو توڑ دیا۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد راشد خان نے کھیل سنبھالا اور دیکھتے ہی دیکھتے بنگلہ دیش کے نچلے بلے بازوں کو پویلین بھیج دیا۔ نچلے بلے بازوں میں سے کوئی بھی زیادہ دیر تک نہیں ٹک سکا اور بنگلہ دیش کی ٹیم ۱۲۱ رن پر ۳ وکٹ سے آگے کھیلتے ہوئے ۱۹۰ رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ اس دوران راشد خان نے ۸ء۴ اوور میں ۳۱ رن دے کر ۳ وکٹ حاصل کیے۔ بنگلہ دیش کی جانب سے ایمون نے سب سے زیادہ ۸۰ رن (۹۹ گیندوں پر) بنائے، لیکن آخر میں وہ راشد کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے۔ اس طرح بنگلہ دیش کی پوری ٹیم ۴۲ء۳ اوور میں ۱۹۰ رن پر سمٹ گئی۔ آسان ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے افغانستان نے تسکین احمد کے سامنے اپنے اوپنر رحمان اللہ گرباز (۶) اور تیسرے نمبر کے بلے باز صدیق اللہ اٹل (۴) کی وکٹیں جلد ہی گنوا دیں، جس سے ۶ویں اوور تک اس کا اسکور ۲ وکٹ پر ۳۹ رن ہوگیا۔ رحمت شاہ نے ایک جانب سے مورچہ سنبھالے رکھا اور ٹیم کی اننگز کو دوبارہ پٹری پر لے آئے۔ ابراہیم زدران نے ۳۸ گیندوں پر ۳۳ رن کی اہم اننگز کھیلی۔ انہوں نے کپتان کے ساتھ ۵۶ رن کی شراکت داری کرکے ٹیم کو مشکل سے نکالنے میں مدد کی۔

بھاوک بھرواڑ نااہل قرار

آئیچی-ناگویا (جاپان)، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کے بھاوک کمار بھرواڑ کو ایشین پیرا گیمز میں مردوں کی ۴۰۰ میٹر ٹی-۴۷ فائنل سے نااہل قرار دے دیا گیا۔ وہ ابتدائی نتائج میں ہم وطن دلیپ گاویت کے بعد دوسرے مقام پر رہے تھے۔ بھاوک نے ۴۹ء۳۱ سیکنڈ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا، جبکہ دلیپ گاویت نے ۴۸ء۹۴ سیکنڈ کے وقت کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا تھا۔ تاہم، نظرثانی شدہ نتائج میں لین نمبر دو کی خلاف ورزی کے باعث بھاوک کو نااہل قرار دیا گیا۔ اس فیصلے کے بعد فائنل کی درجہ بندی تبدیل ہوگئی۔ جاپان کے کازو واپلی نے ۴۹ء۵۸ سیکنڈ کے وقت کے ساتھ دوسرے مقام پر جگہ بنائی، جبکہ ازبکستان کے ہاند قرونن مرودوف اور سری لنکا کے سمن سوما نے ۵۰ء۰۳ سیکنڈ کے وقت کے ساتھ مشترکہ طور پر تیسرے مقام پر رہے۔ تاہم، اس فیصلے کا دلیپ گاویت کے طلائی تمغے پر کوئی اثر نہیں پڑا۔

ہیری بروک کی ڈبل سنچری



راولپنڈی، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) ٹسٹ سیریز کے تیسرے میچ میں انگلینڈ نے کپتان ہیری بروک کی ریکارڈ ساز ڈبل سنچری کی بدولت سری لنکا کے سامنے جیت کے لیے ۳۳۰ رنز کا ہدف رکھا ہے۔ سری لنکا نے ٹاس جیت کر انگلینڈ کو پہلے بلے بازی کی دعوت دی۔ ٹام بینٹن (۵۰) اور جیمی اسمتھ (۴۹) نے پہلی وکٹ کے لیے ۹۷ رنز جوڑے۔ ۵ء۵ کے مجموعی اسکور پر دونوں اوپنرز کے آؤٹ ہونے کے بعد جو روٹ نے کپتان ہیری بروک کے ساتھ چوتھی وکٹ کے لیے ۱۵۶ رنز کی شراکت قائم کی۔ روٹ ۷۹ رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ اس دوران انہوں نے ون ڈے کرکٹ میں ۸ ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے انگلش بلے باز ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ روٹ کے آؤٹ ہونے کے بعد بروک نے ول جیکس کے ساتھ جارحانہ بلے بازی کرتے ہوئے رنز کی رفتار تیز کردی اور انگلینڈ نے مقررہ ۵۰ اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر ۳۲۹ رنز بنائے۔ بروک نے صرف ۱۱۳ گیندوں پر ڈبل سنچری مکمل کرکے ون ڈے کرکٹ کی تیز ترین ڈبل سنچری کا ریکارڈ قائم کیا۔ وہ انگلینڈ کی جانب سے ون ڈے میں ڈبل سنچری بنانے والے پہلے بلے باز بھی بن گئے۔ بروک ۲۰۴ رنز بناکر اننگز کی آخری گیند پر آؤٹ ہوئے، جبکہ ول جیکس ۳۰ گیندوں پر ۴۶ رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

اناہت سنگھ نے نورالشربنی کو حیران کردیا

کیلیفورنیا (امریکہ)، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کی اناہت سنگھ نے اپنے کیریئر کا سب سے بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے آٹھ بار کی عالمی چیمپئن اور عالمی نمبر تین مصری نورالشربنی کو شکست دے کر یو ایس اسکواش ٹورنامنٹ کے اگلے دور میں جگہ بنالی۔ سیکیوں ویلی اوپن ۲۰۲۶ کے دوسرے راؤنڈ میں عالمی نمبر ۱۵ اناہت نے ۳۰ منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے میں ۳۰ سالہ الشربنی کو ۳-۰ (۱۱-۸، ۱۱-۸، ۱۱-۷) سے شکست دی۔ نورالشربنی نے ۲۰۲۵ میں اپنا آخری عالمی خطاب جیتا تھا۔ وہ خواتین کے سنگلز میں سب سے زیادہ عالمی چیمپئن شپ خطاب جیتنے کے معاملے میں ملائیشیا کی عظیم کھلاڑی نکول ڈیوڈ کے برابر ہیں اور تاریخ میں سب سے زیادہ مرتبہ عالمی چیمپئن شپ فائنل میں پہنچنے والی خاتون اسکواش کھلاڑی ہیں۔ مقابلے کے بعد ۱۸ سالہ اناہت نے کہا کہ ہندوستان کے قومی کوچ نے میچ سے پہلے انہیں بتایا تھا کہ اگر وہ بہت اچھا کھیلیں تو ان کے پاس جیتنے کا موقع ضرور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ الشربنی کے ساتھ مکمل ہارڈ کورٹ شیئر کرنا ان کے لیے خاص تجربہ تھا اور انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ مقابلہ اس طرح ان کے حق میں چلا جائے گا۔ کھیلوں کی دنیا میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے غیر معمولی صلاحیت، مسلسل محنت، مضبوط عزم اور دباؤ میں بہترین کارکردگی دکھانے کی صلاحیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ بھارتی اسکواش کھلاڑی اناہت سنگھ نے کم عمری میں اپنی شاندار کارکردگی سے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نوجوان کھلاڑی کو مناسب تربیت، حوصلہ افزائی اور اپنے مقصد سے سچی وابستگی حاصل ہو تو وہ عالمی سطح پر اپنی شناخت قائم کر سکتا ہے۔ نئی دہلی سے تعلق رکھنے والی اناہت نے اسکواش کے میدان میں نہ صرف بھارت کا نام روشن کیا بلکہ اپنی تاریخی کامیابیوں کے ذریعے ملک کی نوجوان نسل، بالخصوص لڑکیوں، کے لیے بھی ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ اناہت سنگھ ۱۳ مارچ ۲۰۰۸ کو نئی دہلی میں پیدا ہوئیں۔ ان کا کھیلوں سے تعلق بچپن ہی سے قائم ہو گیا تھا۔ ابتدا میں وہ بیڈمنٹن کھیلتی تھیں اور بھارتی بیڈمنٹن اسٹار پی وی سندھو سے متاثر تھیں، لیکن ان کی بڑی بہن اسکواش کی تربیت حاصل کر رہی تھیں۔ اسی وجہ سے اناہت بھی اسکواش کورٹ تک پہنچیں اور رفتہ رفتہ یہ کھیل ان کی زندگی کا اہم حصہ بن گیا۔ انہوں نے اپنی قدرتی صلاحیت، تیز رفتار حرکت اور گیند کو غیر متوقع زاویوں سے کھیلنے کی مہارت کے ذریعے کوچز اور کھیلوں کے شائقین کی توجہ حاصل کی۔ اسکواش ایک ایسا کھیل ہے جس میں کھلاڑی کو انتہائی تیزی سے فیصلے کرنے، جسمانی توازن برقرار رکھنے، حریف کی حکمت عملی سمجھنے اور ہر لمحے اپنی پوزیشن تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اناہت کے کھیل کی نمایاں خصوصیت ان کا جارحانہ انداز، کورٹ میں پھرتی اور ایسے شاٹس کھیلنے کی صلاحیت ہے جن سے حریف کے لیے گیند تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تاہم، اعلیٰ سطح پر کامیابی کے لیے صرف قدرتی صلاحیت کافی نہیں ہوتی۔ مستقل مزاجی، جسمانی فٹنس، درست حکمت عملی اور مشکل لمحات میں صبر و تحمل بھی اتنے ہی ضروری ہیں۔

کالیتا نے رینو کی جگہ لی

وڈودرا، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) تیز گیند باز رینوکا سنگھ ٹھاکر زمبابوے کے خلاف ہونے والی مشروط لمن کلاسیکی تین میچوں کی ون ڈے سیریز سے باہر ہو گئی ہیں۔ وہ اس وقت بھی بی سی سی آئی سینٹر آف ایکسیلنس میں ۵۰ اوور کے فارمیٹ کے لیے درکار گیند بازی کی مشق کر رہی ہیں۔ خواتین کی سلیکشن کمیٹی نے ان کی جگہ جنتیمانی کالیتا کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ جنتیمانی حال ہی میں ساؤتھ افریقہ میں ختم ہونے والی ٹی-۲۰ سیریز کا حصہ تھیں اور اب ٹیم کے ساتھ وڈودرا پہنچ گئی ہیں، جہاں جمعرات سے ون ڈے سیریز شروع ہوگی۔ ہندوستان کی نظرثانی شدہ ون ڈے ٹیم: ہرمن پریت کور (کپتان)، شیفالی ورما، پرتیکا راول، ہرمن پریت کور، ہرلین دیول، تیجل ہسابنس، دیپتی شرما (نائب کپتان)، رچا گھوش (وکٹ کیپر)، یاستیکا بھاٹیا (وکٹ کیپر)، وشنوی شرما، کرانتی گوڑ، سنیہ رانا، سری چرنی، کرانتی گوڑ، نیالی گنگرے، جنتیمانی کالیتا۔

شیتل دیوی نے طلائی تمغہ جیت لیا اور کپل کمار نے چاندی تمغہ جیت لیا

سڈنی، ۲۲ اکتوبر (یو این آئی) کرکٹ آسٹریلیا نے تیز گیند باز سکن شوٹ پر منی منصوبے کے تحت استعمال ہونے والی ادویات سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی پر دو میچوں کی پابندی عائد کردی ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا نے کہا کہ خلاف ورزی اسپورٹس سائنس اور اسپورٹس میڈیسن کی ہدایات کے تحت تجویز کردہ ادویات سے متعلق شرائط کی پابندی نہ کرنے کے باعث ہوئی۔ یہ ایک الگ واقعہ تھا جو کسی مقابلے کے دوران نہیں ہوا اور اس کا مقصد کھیل میں کارکردگی بہتر بنانا نہیں تھا۔ پابندی تمام بین الاقوامی اور گھریلو کرکٹ میچوں پر لاگو ہوگی۔ اس کے باعث سکن شوٹ نیوزی لینڈ کے خلاف جمعرات کو ہونے والے تیسرے اور آخری ٹی-۲۰ میچ کے علاوہ ۳۱ اکتوبر کو ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز اور میلبورن اسٹارز کے درمیان ڈبلیو بی بی ایل ۲۰۲۶ کے افتتاحی میچ میں بھی نہیں کھیل سکیں گی۔ ۳۳ سالہ شوٹ نے سزا قبول کرتے ہوئے کہا کہ وہ ضوابط کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے معذرت خواہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ مقابلے کے دوران نہیں ہوا اور اس کا کارکردگی سے کوئی تعلق نہیں تھا، تاہم ان ہدایات پر عمل کرنا ان کی ذمہ داری تھی اور انہیں ایسا کرنا چاہیے تھا۔ ہندوستانی پیرا ایتھلیٹ کپل کمار نے ایشین پیرا گیمز ۲۰۲۶ کی تیراکی کے مقابلے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاندی کا تمغہ جیت لیا۔ کپل کمار نے مردوں کی ۴۰۰ میٹر فری اسٹائل ایس ۱۰ فائنل میں ۴ء۳۸ء۳۳ کا وقت نکال کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایشین پیرا گیمز ۲۰۲۶ کی اپنی مہم چاندی کے تمغے کے ساتھ ختم کی۔ ایشین پیرا گیمز ۲۰۲۶ میں تیر اندازی کے خواتین ڈبلیو-۱ مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی اتر پردیش کی سواتی چودھری کو وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے سواتی کی کامیابی پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابی ملک کے بے شمار نوجوانوں کو اپنے خواب پورے کرنے کے لیے تحریک دے گی۔ یوگی نے ایکس پر پوسٹ کے ذریعے سواتی کو نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کی دعا کی اور کہا کہ ان کی کامیابی ریاست کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سواتی کی کامیابی نوجوانوں اور معذور کھلاڑیوں کے لیے بھی حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔ ریاستی حکومت کھیلوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھلاڑیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے تربیت، جدید کھیل سہولیات، مالی امداد، انعامات اور سرکاری ملازمت کے مواقع فراہم کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔ ریاست کے تمام ۷۵ اضلاع میں ایک ضلع، ایک کھیل اسکیم کے تحت کھیلو انڈیا سینٹرز منظور کیے گئے ہیں۔ ریاست میں لکھنؤ، گورکھپور، سیفئی، فتح پور اور سہارنپور میں پانچ اسپورٹس کالج بھی چل رہے ہیں، جہاں ۱۳ کھیلوں میں تربیت کے ساتھ مفت رہائش، کھانا اور تعلیم کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ میرٹھ میں میجر دھیان چند اسپورٹس یونیورسٹی کا قیام بھی کھیلوں کی تعلیم اور اعلیٰ سطح کی تربیت کو فروغ دینے کی کوشش ہے۔

بھارت کی خلائی صنعت میں اسٹارٹ اپس کا انقلاب

2030 تک مارکیٹ 40 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان

نئی دہلی 22 اکتوبر (ایم این این)

بھارت کی خلائی ٹیکنالوجی کی صنعت تیزی سے ترقی کر رہی ہے اور ملک کے نجی اسٹارٹ اپس عالمی خلائی معیشت میں بھارت کی پوزیشن مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ امریکی جریدے فوربس کی ایک رپورٹ کے مطابق بھارتی خلائی صنعت کی ترقی کی رفتار عالمی اوسط سے تقریباً دوگنی ہونے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی کی حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی اصلاحات کے نتیجے میں بھارت میں خلائی ٹیکنالوجی سے متعلق اسٹارٹ اپس کی تعداد 2014 میں محض ایک سے بڑھ کر 2026 میں 400 سے زیادہ ہو گئی ہے۔ سال 2020 میں خلائی شعبے کو نجی کمپنیوں کے لیے کھولنے اور 2023 کی نئی خلائی پالیسی نے اس صنعت میں سرمایہ کاری اور جدت کے نئے مواقع پیدا کیے۔ حکومت نے نجی کمپنیوں کو بھارتی خلائی تحقیقی ادارے اسرو (ISRO) کی ٹیکنالوجی اور سہولیات تک رسائی بھی فراہم کی ہے۔ فوربس کے مطابق بھارت کی خلائی صنعت کی مالیت تقریباً 13 ارب ڈالر ہے، جو 2030 تک بڑھ کر 40 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ رواں سال خلائی اسٹارٹ اپس نے تقریباً 256 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے، جبکہ آئندہ پانچ برسوں میں مزید 5.3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت اس کی کم لاگت انجینئرنگ، اعلیٰ تربیت یافتہ افرادی قوت اور مقامی سطح پر جدید ٹیکنالوجی تیار کرنے کی صلاحیت ہے۔ بھارتی کمپنیاں امریکہ اور یورپ کے مقابلے میں کہیں کم لاگت پر جدید خلائی نظام تیار کر رہی ہیں۔ اسٹارٹ اپس میں اسکائی روٹ ایرو اسپیس، بیلاٹرکس ایرو اسپیس، گیلیکسی آئی اور اسٹرو فیل ایرو اسپیس جیسی کمپنیاں نمایاں ہیں۔ یہ کمپنیاں راکٹ، سیٹلائٹ، خلائی انجن اور زمین کی نگرانی کے جدید نظام تیار کر رہی ہیں۔ فوربس کی رپورٹ کے مطابق اسکائی روٹ ایرو اسپیس نے 18 جولائی 2026 کو اپنے وکرم ون راکٹ کو پہلی ہی کوشش میں کامیابی سے مدار میں پہنچایا۔ رپورٹ میں اسے بھارتی نجی خلائی صنعت کی ایک اہم کامیابی قرار دیا گیا ہے۔ بھارت کے خلائی منصوبوں میں 2035 تک اپنا خلائی اسٹیشن قائم کرنا اور 2040 تک انسانوں کو چاند پر بھیجنا بھی شامل ہے۔ ان اہداف کے حصول میں نجی کمپنیوں کا کردار مسلسل بڑھ رہا ہے۔ تاہم رپورٹ میں بعض چیلنجوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے، جن میں محدود لانچنگ سہولیات، سرکاری منظوریوں میں تاخیر اور سرمایہ کاری کی غیر مساوی تقسیم شامل ہیں۔ فی الحال عالمی خلائی مارکیٹ میں بھارت کا حصہ تقریباً دو فیصد ہے، لیکن رپورٹ میں پیش کردہ تخمینوں کے مطابق آئندہ پانچ سے سات برسوں میں یہ حصہ بڑھ کر دس فیصد تک پہنچ سکتا ہے۔

بیڈ منٹن اور والی بال ٹورنامنٹس کا افتتاح

اونتی پورہ، 21 اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پولیس فلیگ ڈے ویک کی جاری تقریبات کے سلسلے میں ایس ایس پی اونتی پورہ ارشاد احمد راتھر (جے کے پی ایس) نے پولیس ضلع اونتی پورہ کے دیگر افسران کے ہمراہ ڈسٹرکٹ پولیس لائنز (ڈی پی ایل) اونتی پورہ کے کھیل کے میدان میں بیڈ منٹن اور والی بال ٹورنامنٹس کا افتتاح کیا۔ یہ کھیلوں کے مقابلے جموں و کشمیر پولیس کے سی اے پی 2026 کے تحت منعقد کیے گئے اور ان بہادر پولیس اہلکاروں کے نام وقف کیے گئے، جنہوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران ملک و قوم کی خدمت کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اس اقدام کا مقصد شہید پولیس اہلکاروں کی بہادری اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ نوجوانوں میں نظم و ضبط، کھیل کے جذبے اور مثبت سوچ کو فروغ دینا ہے۔ ان مقابلوں میں لڑکیوں کے لیے بیڈ منٹن اور لڑکوں کے لیے والی بال ٹورنامنٹس کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف عمر کے طلبہ نے ان مقابلوں میں جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور کھیل کے جذبے، باہمی تعاون اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ کھلاڑیوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے ایس ایس پی اونتی پورہ نے کہا کہ جموں و کشمیر پولیس کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی توانائیوں کو مثبت سمت دینے کے لیے ایسی سرگرمیوں کے انعقاد میں پیش پیش ہے۔

شوپیان پولیس کے زیرِ اہتمام والی بال ٹورنامنٹ

سرینگر، ۲۲ اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پولیس یادگاری دن کی تقریبات اور کھیلوں کی جاری ہفتہ وار سرگرمیوں کے تحت شوپیان پولیس نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول امام صاحب میں والی بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا۔ اس ٹورنامنٹ کا مقصد فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح ڈی وائی ایس پی پولیس پوسٹ امام صاحب نے ایس ایچ او پولیس اسٹیشن امام صاحب کی موجودگی میں کیا۔ اس موقع پر شہید پولیس اہلکاروں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے نوجوانوں میں کھیل کے جذبے، نظم و ضبط اور اتحاد کو فروغ دینے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ مقابلوں میں حصہ لینے والی ٹیموں نے جوش و خروش، ٹیم ورک اور بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ میں فاتح اور رنر اپ ٹیموں سمیت شریک کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی اور ان کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ جموں و کشمیر پولیس نے نوجوانوں کو کھیلوں اور دیگر تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پولیس کے مطابق، ایسی سرگرمیاں معاشرے میں امن، اتحاد اور باہمی احترام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

سائیکل پولو چیمپئن شپ اختتام پذیر

ترہگام، کپواڑہ: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: ضلع کپواڑہ سائیکل پولو چیمپئن شپ 2026 گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول، ہری ترہگام، کپواڑہ میں اختتام پذیر ہوئی۔ چیمپئن شپ میں لڑکوں اور لڑکیوں سمیت 100 سے زائد کھلاڑیوں نے سب جونیئر، جونیئر اور سینئر زمروں میں حصہ لیا۔ جونیئر گرلز زمرے میں راہبل کلب نے قادری آباد ترہگام کلب کو 1-2 سے شکست دی، جبکہ جونیئر بوائز زمرے میں ترہگام کلب نے کرالپورہ کلب کے خلاف کامیابی حاصل کی۔ سینئر بوائز زمرے میں دھامہ کلب نے ہری کلب کو 2-4 سے شکست دی۔ اسی طرح سینئر گرلز زمرے میں دیلگام کلب نے ڈارگمولہ کلب کو 1-3 سے ہرایا۔ سب جونیئر بوائز اور گرلز، دونوں زمروں میں لولاب کلب نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول ترہگام کے انچارج پرنسپل غلام احمد بھٹ نے تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر ٹیکنیکل مینٹور عابد حسین، ہائی اسکول کرالگنڈ کے ہیڈ ماسٹر مشتاق احمد اور انچارج زونل فزیکل ایجوکیشن آفیسر ترہگام غلام حسن وانی اور ڈسٹرکٹ کپواڑہ سائیکل پولو ایسوسی ایشن کے آرگنائزنگ سیکریٹری میر مکرم محمد بھی بطور مہمان اعزاز موجود تھے۔

کشمیر کی دیشا پنڈت کی شاندار کارکردگی

سرینگر، 22 اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: جموں و کشمیر کے ضلع پلوامہ کے علاقے کوئل سے تعلق رکھنے والی باصلاحیت ایس کیو اے وائی (SQAY) کھلاڑی دیشا پنڈت نے جنوبی کوریا کے شہر چنگجو میں منعقدہ بین الاقوامی مارشل آرٹس مقابلے (IMAC) 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ملک کا نام روشن کیا۔ اس باوقار بین الاقوامی مقابلے کا انعقاد ورلڈ مارشل آرٹس یونین (WoMAU) نے یونیسکو کے اشتراک سے کیا، جس میں مختلف ممالک کے مارشل آرٹس کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ مقابلے میں بھارتی ایس کیو اے وائی دستے میں چار کھلاڑی شامل تھے۔ خواتین کے سنگلز مقابلے میں دیشا پنڈت، مردوں کے سنگلز مقابلے میں آکشیر سنگھ کش اور ڈبلز مقابلے میں وحانی ملہوترا اور آشا چودھری نے بھارت کی نمائندگی کی۔ چاروں کھلاڑیوں نے اپنی مہارت، عزم، نظم و ضبط اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے بین الاقوامی پلیٹ فارم پر ملک کی نمائندگی کی۔ ٹیم مقابلے میں دیشا پنڈت کی قیادت میں بھارتی دستے نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جسے مختلف ممالک سے آئے ہوئے نمائندوں اور شرکاء کی جانب سے سراہا گیا۔ ٹیم کے کھلاڑیوں کے درمیان بہترین تال میل، تکنیکی مہارت اور مسابقتی جذبے نے ان کی محنت اور سخت تربیت کی عکاسی کی۔ اس مقابلے کا ایک اہم پہلو ورلڈ مارشل آرٹس یونین کے صدر یہ کوون کی جانب سے دیشا پنڈت کی کارکردگی کو سراہا جانا تھا۔

بانڈی پورہ میں بیڈ منٹن چیمپئن شپ کا انعقاد

سرینگر، 22 اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: پولیس فلیگ ڈے ویک کے سلسلے میں بانڈی پورہ پولیس کی جانب سے انڈور اسٹیڈیم، ڈسٹرکٹ پولیس لائنز بانڈی پورہ میں بیڈ منٹن چیمپئن شپ کا انعقاد کیا گیا۔ چیمپئن شپ کا افتتاح ایس ایس پی بانڈی پورہ طاہر سلیم (جے کے پی ایس) نے ضلع پولیس کے افسران کی موجودگی میں کیا۔ اس ٹورنامنٹ کا مقصد کھیلوں کے جذبے، جسمانی فٹنس، نظم و ضبط اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ان بہادر پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا، جنہوں نے قوم اور عوام کی خدمت کرتے ہوئے اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ چیمپئن شپ میں کھلاڑیوں نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی کھیل کی صلاحیتوں، مسابقتی جذبے اور کھیل کے اصولوں کی پاسداری کا مظاہرہ کیا۔ اس اقدام کے ذریعے صحت مند طرز زندگی، ٹیم ورک اور مثبت سرگرمیوں میں شرکت کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ یہ ٹورنامنٹ پولیس فلیگ ڈے ویک کے تحت منعقد کی جانے والی مختلف سرگرمیوں کا حصہ تھا، جن کا مقصد پولیس اہلکاروں کی قربانیوں کو یاد کرنا اور پولیس فورس سے وابستہ فرض شناسی، بہادری اور عوامی خدمت کی اقدار کو اجاگر کرنا ہے۔

جی ڈی سی کشتواڑ میں ترغیبی لیکچر کا انعقاد

کشتواڑ، ۲۲ اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: گورنمنٹ ڈگری کالج (جی ڈی سی) کشتواڑ میں طلبہ کی ہمہ جہت ترقی اور شخصیت سازی کے مقصد سے 'مقصد کے تعین کے ذریعے ترغیب' کے موضوع پر ایک خصوصی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ یہ پروگرام کالج کے پرنسپل پروفیسر لعل راج بدیال کی رہنمائی میں منعقد ہوا۔ پروگرام کا اہتمام این ایس ایس پروگرام آفیسر پروفیسر اسرار ایوب نے کیا، جنہوں نے استقبالیہ خطاب پیش کرتے ہوئے طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں اور مستقبل کے پیشہ ورانہ کیریئر کی تشکیل میں واضح اہداف کے تعین کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر ریسورس پرسن رضوان الدین، ریجنل پراویڈنٹ فنڈ کمشنر اول اور پنڈت دین دیال اپادھیائے نیشنل اکیڈمی آف سوشل سیکورٹی (PDUNASS) کے چیف لرننگ آفیسر نے ایک معلوماتی اور تعاملی لیکچر دیا۔ انہوں نے کامیابی کے حصول کے لیے واضح اہداف کے تعین، خود نظم و ضبط، ثابت قدمی، وقت کے مؤثر استعمال اور مسلسل محنت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے سوالات، عملی مثالوں اور کھلی بحث کے ذریعے طلبہ کو پروگرام میں بھرپور شرکت کی ترغیب دی۔ اس دوران طلبہ کو اپنی خواہشات اور مستقبل کے عزائم کا جائزہ لینے، درپیش چیلنجوں کی نشاندہی کرنے اور اپنے مقاصد کے حصول کے لیے منظم اور یکسو انداز اپنانے کی تلقین کی گئی۔ لیکچر کے دوران طلبہ کو ذاتی ترقی، کیریئر کی منصوبہ بندی اور مثبت سوچ برقرار رکھنے کے حوالے سے اہم معلومات فراہم کی گئیں۔ پروگرام میں سرگرمی سے حصہ لینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ریسورس پرسن کی جانب سے انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر پروفیسر سہاش، پروفیسر پرتھوی راج، ڈاکٹر عثمان شیخ اور اسسٹنٹ لیبر کمشنر کشتواڑ امیت کمار کے علاوہ کالج کے تدریسی عملے اور طلبہ نے شرکت کی۔

گاندربل میں قومی اسکول گیمز کے تائیکوانڈو مقابلوں کا آغاز

گاندربل، ۲۲ اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن (جی سی او پی ای)، گاندربل کے خوبصورت کیمپس میں آج ۶۹ویں قومی اسکول گیمز کے تائیکوانڈو مقابلوں کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس موقع پر کھیلوں کی صلاحیتوں، اتحاد اور نوجوانوں کے جوش و جذبے کا شاندار مظاہرہ دیکھنے کو ملا۔ کشمیر کے دلکش قدرتی مناظر کے درمیان منعقد ہونے والی اس قومی سطح کی چیمپئن شپ کا افتتاح مہمان خصوصی اور سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس گاندربل ہرشل راجیش مہاجن نے کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی نے ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور کھیلوں کے عہدیداروں کو مقابلوں میں شرکت کے لیے مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ کھیل کے حقیقی جذبے، نظم و ضبط اور اسپورٹس مین شپ کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نہ صرف شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ ثقافتی تبادلے اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے بھی نہایت ضروری ہیں۔ افتتاحی تقریب کا آغاز حکومت کے محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کی ایڈیشنل سیکریٹری ثنا مہاجن کے استقبالیہ خطاب سے ہوا۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے نوجوانوں اور اسکولی طلبہ میں کھیلوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کی کوششوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے محکمہ کی ڈائریکٹر جنرل انورادھا گپتا کی قیادت اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا وژن ہے کہ ہر شریک کھلاڑی کشمیر سے زندگی بھر یاد رہنے والی خوشگوار یادیں لے کر واپس جائے اور یہاں کی بے مثال خوبصورتی، شاندار ثقافتی ورثے اور مہمان نوازی کا سفیر بنے۔ اس موقع پر اسکول گیمز فیڈریشن آف انڈیا کے مبصر اور سینئر فیلڈ آفیسر اجے سنگھ چندیل نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے قومی سطح کے اس ایونٹ کے بہترین انتظامات پر محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کی ستائش کی۔ ۶۹ویں قومی اسکول گیمز کے دوران اپنے تجربات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے مقابلوں کی منصوبہ بندی اور انتظامی امور کو سراہا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے والے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" ...

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001
email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781